www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW
روزنامہ
# اودھ نامہ
# avadhnama
Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 211 Saturday , May 02 2026 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلدنمبر(۲۵)شمارہ نمبر(۲۱۱) لکھنؤ، بروز ہفتہ ۲-مئی ۲۰۲۶ء،مطابق ۱۴-ذیقعدہ-۷ ۱۴۴ھ صفحات-۸

## پنجاب اسمبلی میں اعتماد کا ووٹ منظور

چنڈی گڑھ: پنجاب اسمبلی کے خصوصی اجلاس میں وزیر اعلیٰ بھگونت مان کی قیادت میں حکومت نے اعتماد کا ووٹ حاصل کر لیا، جس کے بعد ریاست میں سیاسی صورتحال کو ایک حد تک استحکام حاصل ہو گیا۔ اس پیش رفت کو خاص طور پر حالیہ سیاسی ہلچل اور ارکان پارلیمنٹ کی بغاوت کے پس منظر میں اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ یکم مئی کو یوم مزدور کے موقع پر بلائے گئے اس خصوصی اجلاس میں حکومت نے اپنی عددی برتری ثابت کرنے کے لیے اعتماد کی قرارداد پیش کی، جس پر بحث کے بعد اسے متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا۔ اسمبلی کے کل 117 ارکان میں سے عام آدمی پارٹی کے ارکان کی تعداد 94 ہیں، جس میں سے 88 اجلاس میں موجود تھے۔

## راہل گاندھی کے خلاف دائر عرضی الہ آباد ہائی کورٹ میں خارج

پریاگ راج (یو این آئی) الہ آباد ہائی کورٹ نے سنبھل ضلع کی چندوسی عدالت کے حکم کو چیلنج کرنے والی عرضی پر فیصلہ سناتے ہوئے قائد حزب اختلاف اور رائے بریلی سے کانگریس کے رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی کو بڑی راحت فراہم کی ہے۔ عدالت نے راہل گاندھی کے خلاف دائر کی گئی عرضی کو خارج کر دیا ہے۔ جسٹس وکرم ڈی چوہان کی واحد رکنی بنچ نے کھلی عدالت میں یہ فیصلہ سنایا۔ عرضی خارج ہونے کے بعد اب راہل گاندھی کے خلاف نہ تو کوئی مقدمہ درج ہوگا اور نہ ہی ان پر فوجداری کارروائی چلائی جائے گی۔ عدالت کا تفصیلی حکم اپ لوڈ ہونے کے بعد مزید قانونی نکات واضح ہوں گے۔

# انتخابات کے بعد مہینے کی پہلی تاریخ کو لگا مہنگائی کا زوردار جھٹکا

## کمرشیل گیس سلنڈر کی قیمت میں 993 روپے کا اضافہ، 5 کلوگرام والے 'چھوٹو سلنڈر' کی قیمت 810 روپے، گھریلو گیس سلنڈر کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں

## اپوزیشن کا مرکزی حکومت پر سخت حملہ، راہل گاندھی نے اسے عوام پر مسلط کردہ 'انتخابی بل' قرار دیا، اکھلیش نے پوچھا 'مہنگائی پر کب پیش ہوگی مذمتی قرارداد؟'

نئی دہلی/لکھنؤ (ایجنسی) ایران میں کشیدگی اور آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی سے پیدا غیر یقینی والی حالت میں ایل پی جی سلنڈر کی قیمت بڑھنے کا اندیشہ پہلے سے ہی ظاہر کیا جا رہا تھا، اور اب اس پر مہر بھی لگ گئی ہے۔ مہینے کی پہلی تاریخ کو ہی مہنگائی کا زوردار جھٹکا لگا ہے، کیونکہ کمرشیل ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں 993 روپے کا بڑا اضافہ کیا گیا ہے۔ یکم مئی کو 19 کلوگرام والے کمرشیل گیس سلنڈر کی قیمت میں اضافہ کے بعد نئی قیمت جاری کی گئی۔ آج سے ہوئے 993 روپے اضافہ کے بعد دہلی میں 19 کلوگرام والے سلنڈر کی قیمت 3071.50 روپے ہو گئی ہے۔ اس اضافہ کے بعد ممبئی میں کمرشیل سلنڈر کی قیمت ممکنہ طور پر 3024 روپے اور کولکاتا میں 3201.50 روپے ہو جائے گی۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ 14.2 کلوگرام والے گھریلو گیس سلنڈر کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ حالانکہ اس میں بھی جلد اضافہ کا اندیشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔

5 کلوگرام والے فری ٹریڈ ایل پی جی (ایف ٹی ایل) سلنڈرز کی قیمت میں بھی اضافہ کر دیا ہے۔ 5 کلوگرام والے ایل پی جی سلنڈر کو 'چھوٹو سلنڈر' کے نام سے جانا جاتا ہے، جس کی قیمت میں 261 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ گزشتہ ماہ بھی کمرشیل ایل پی جی سلنڈر کی قیمت کے ساتھ چھوٹی سلنڈر کی قیمت بڑھائی گئی تھی۔ یکم اپریل 2026 کو چھوٹو سلنڈر کی قیمت میں 51 روپے کا اضافہ ہوا تھا، لیکن اس بار 261 روپے کا بڑا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اس اضافہ کے بعد دہلی میں چھوٹو سلنڈر کی قیمت 549 روپے سے بڑھ کر 810 روپے ہو گئی ہے۔

قابل ذکر ہے کہ رواں سال لگاتار تیسری بار ہے جب کمرشیل سلنڈر کی قیمت میں تبدیلی کی گئی ہے۔ سب سے پہلے یہ اضافہ 7 مارچ کو 144 روپے کا ہوا تھا، اس کے بعد یکم اپریل کو مزید 200 روپے فی سلنڈر بڑھائے گئے تھے، اور اب 993 روپے فی سلنڈر کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ یعنی 2 ماہ میں ہی کمرشیل ایل پی جی سلنڈر کی قیمت 1337 روپے بڑھ گئی ہے۔

> نئی قیمتوں کے بعد دہلی میں 19 کلوگرام کا کمرشیل سلنڈر اب 3071.50 روپے میں دستیاب ہے، جبکہ اس سے پہلے اس کی قیمت 2078.50 روپے تھی۔


راحت کی بات یہ ہے کہ گھریلو ایل پی جی کی قیمت میں رواں سال صرف ایک بار مارچ ماہ میں 60 روپے کا اضافہ کیا گیا تھا۔ دہلی میں اس وقت گھریلو سلنڈر کی قیمت 913 روپے، ممبئی میں 912.50 روپے، چنئی میں 928.50 روپے اور کولکاتا 939 روپے ہے۔ حالانکہ گھریلو ایل پی جی کا بحران ملک میں جاری ہے اور کالا بازاری بھی خوب دیکھنے کو مل رہی ہے۔ اب بھی مختلف شہروں میں گھریلو ایل پی جی 2500 سے 3000 روپے تک میں مل رہے ہیں۔ اس مہنگائی کی وجہ ایران میں جاری کشیدگی اور آبنائے ہرمز میں جاری ناکہ بندی ہے۔ اس وجہ سے ایندھن لدے ہوئے جہاز آبنائے ہرمز سے گزر نہیں پا رہے ہیں اور ہندوستان سمیت دنیا کے کئی ممالک کو ایندھن بحران کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف اور کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی نے کمرشیل ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں بھاری اضافے پر مرکزی حکومت کو سخت نشانہ بناتے ہوئے اسے عوام پر مسلط کردہ 'انتخابی بل' قرار دیا ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ پہلے ہی خبردار کیا گیا تھا کہ انتخابات کے بعد مہنگائی کی شدت بڑھے گی اور اب یہی ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چائے فروش، ڈھابہ چلانے والے، ہوٹل، بیکری اور حلوائی سب کی رسوئی پر اس کا بوجھ بڑھے گا اور آخر کار اس کا اثر عوام کی تھالی تک پہنچے گا۔ راہل گاندھی نے خبردار کیا کہ گیس کے بعد اگلا وار پٹرول اور ڈیزل پر ہو سکتا ہے، جس سے مہنگائی مزید بڑھے گی۔

سماجوادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو نے کمرشیل ایل پی جی سلنڈر کی قیمتوں میں اضافے کو لے کر جمعہ کے روز بی جے پی حکومت پر سخت حملہ کیا اور کہا کہ اس فیصلے سے عام لوگوں کے لیے کھانا اور بھی مہنگا ہو جائے گا۔ انہوں نے مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی سستی جیسے مسائل پر بھی حکومت کو گھیرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ بی جے پی ان معاملات پر مذمتی قرارداد کب پیش کرے گی۔

قابل ذکر ہے کہ ہندوستان ایل پی جی کی اپنی ضروریات کا تقریباً 60 فیصد حصہ درآمد کرتا ہے۔ 28 فروری کو ایران پر امریکہ و اسرائیل کے حملوں اور اس پر تہران کی جوابی کارروائی سے قبل ہندوستان کے نصف سے زیادہ خام تیل کی درآمد گی تقریباً 30 فیصد گیس اور 85-90 فیصد ایل پی جی کی درآمد مغربی ایشیائی ممالک (مثلاً سعودی عرب اور یو اے ای وغیرہ) سے ہوتی تھی۔ اب مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے سبب تیل مارکیٹنگ کمپنیاں دباؤ میں ہیں۔ ہندوستان نے روس جیسے ممالک سے تیل خرید کر خام تیل کی سپلائی میں آئی رکاوٹوں کا کچھ حد تک ازالہ کر لیا ہے، لیکن صنعتی استعمال کرنے والوں کے لیے گیس کی فراہمی میں تخفیف کرنی پڑی ہے۔ ساتھ ہی ہوٹلوں اور ریسٹورینٹ جیسے کمرشیل اداروں کے لیے ایل پی جی کی دستیابی بھی کم کر دی گئی ہے۔

کمرشیل ایل پی جی سلنڈر اور چھوٹو سلنڈر کی قیمت میں ہوئے اس اضافہ کے بعد کانگریس نے مرکز کی مودی حکومت کو ایک بار پھر عوام مخالف ٹھہرایا ہے۔ کانگریس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر جاری ایک پوسٹ میں لکھا ہے کہ "مہنگائی مین مودی کا چابک پھر چلا۔ آج کمرشیل سلنڈر 993 روپے مہنگا ہوا۔" کانگریس نے گزشتہ 4 ماہ میں کمرشیل ایل پی جی سلنڈر کی قیمتوں میں ہوئے اضافہ کا ذکر بھی اس پوسٹ میں کیا ہے۔ کانگریس نے لکھا ہے کہ "مودی نے گزشتہ 4 ماہ میں کمرشیل سلنڈر کی قیمتیں کچھ اس طرح بڑھائیں: یکم مئی کو 993 روپے، یکم اپریل کو 218 روپے، 7 مارچ کو 115 روپے، یکم مارچ کو 31 روپے، یکم فروری کو 50 روپے اور یکم جنوری کو 111 روپے۔"




### یوم مزدور پر وزیر اعلیٰ یوگی کی سخت وارننگ

# کام کا پورا معاوضہ دینا ہوگا، ورنہ کارروائی یقینی



لکھنؤ (یو این آئی) بین الاقوامی یوم مزدور کے موقع پر اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے سلسلے میں سخت موقف اختیار کرتے ہوئے فیکٹری مالکان اور ٹھیکیداروں کو واضح انتباہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب مزدوروں سے کام لے کر اجرت کی ادائیگی میں ٹال مٹول یا کٹوتی کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اگر کسی مزدور نے کام کیا ہے تو اسے اس کی مکمل مزدوری ملنی ہی چاہیے، بصورت دیگر حکومت سخت کارروائی کرے گی۔ لکھنؤ کے اندرا گاندھی پرتشٹھان میں منعقدہ 'شرم ویر گورو پروگرام' سے خطاب کرتے ہوئے یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ ماضی میں مزدوروں کا استحصال ہوتا تھا لیکن اب حکومت ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے پوری طرح سنجیدہ اور پُرعزم ہے۔ انہوں نے حال ہی میں نوئیڈا میں ہونے والے مزدور احتجاج کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں کسی بھی قیمت پر صنعتی بدامنی پیدا نہیں ہونے دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے کئی اہم اعلانات بھی کیے۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست بھر میں مزدوروں کے قیام کے لیے ڈورمیٹری اور سستی کینٹینوں کا انتظام کیا جائے گا، جہاں انہیں کم خرچ میں کھانا، غسل خانے، تفریح اور سیکورٹی جیسی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ حکومت نے مزدوروں کی صحت کے تحفظ کو ترجیح دیتے ہوئے آیوشمان بھارت اسکیم کے دائرہ کار میں توسیع کا اعلان بھی کیا۔ وزیر اعلیٰ کے مطابق اب تک 12 لاکھ 26 ہزار مزدوروں کو آیوشمان کارڈ جاری کیے جا چکے ہیں جب کہ باقی 15 لاکھ 83 ہزار تعمیراتی مزدوروں کو بھی آج سے یہ سہولت فراہم کی جائے گی۔ اس اقدام سے تقریباً 80 لاکھ افراد کو ہر سال پانچ لاکھ روپے تک مفت علاج کی سہولت حاصل ہوگی۔ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ ریاست میں روزگار کے مواقع تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔

## مغربی بنگال میں 15 پولنگ مراکز پر 2 مئی کو دوبارہ ووٹنگ، الیکشن کمیشن کا حکم

کولکاتا: مغربی بنگال اسمبلی انتخابات 2026 کے تحت الیکشن کمیشن نے جنوبی 24 پرگنہ ضلع کی دو اسمبلی نشستوں کے 15 پولنگ مراکز پر 2 مئی کو دوبارہ ووٹنگ کرانے کا حکم جاری کیا ہے۔ کمیشن نے 29 اپریل کو ان مراکز پر ہونے والی پولنگ کو منسوخ قرار دیتے ہوئے یہ قدم اٹھایا ہے، جس کے بعد متعلقہ علاقوں میں انتخابی سرگرمیاں ایک بار پھر تیز ہو گئی ہیں۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے مغربی بنگال کے چیف الیکٹورل آفیسر کو بھیجے گئے باضابطہ مکتوب میں کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ متعلقہ ریٹرننگ افسران اور مبصرین کی رپورٹوں کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ کمیشن کے مطابق 142-مگرہات مغرب اور 143-ڈائمنڈ ہاربر اسمبلی حلقوں میں کچھ پولنگ مراکز پر ووٹنگ کے عمل میں ایسی بے ضابطگیاں سامنے آئیں، جن کی وجہ سے آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کے اصول متاثر ہوئے۔ اسی بنیاد پر عوامی نمائندگی ایکٹ 1951 کی دفعہ 58(2) کے تحت ان مراکز کی پولنگ کو کالعدم قرار دیا گیا۔ کمیشن کے حکم کے مطابق 2 مئی 2026 کو ان تمام 15 پولنگ مراکز پر صبح 7 بجے سے شام 6 بجے تک دوبارہ ووٹنگ ہوگی۔ انتظامیہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ سیکیورٹی کے مناسب انتظامات کو یقینی بنائے اور ووٹنگ کے عمل کو شفاف بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے۔

## مرکزی ملازمین کو ہی ووٹوں کی گنتی کا نگراں مقرر کرنے کے خلاف ترنمول کانگریس پہنچی سپریم کورٹ




نئی دہلی (ایجنسی) آل انڈیا ترنمول کانگریس (ٹی ایم سی) نے اسمبلی انتخابات کی ووٹوں کی گنتی کے عمل کے لیے صرف مرکزی حکومت اور مرکزی پبلک سیکٹر اداروں کے ملازمین کو بطور گنتی نگراں اور معاون مقرر کیے جانے کے فیصلے کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات میں ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کے عمل سے ریاستی حکومت کے ملازمین کو باہر کر دیا ہے۔ پارٹی نے کلکتہ ہائی کورٹ کے حالیہ حکم کو بھی چیلنج کیا ہے، جس میں عدالت نے ریاستی حکومت اور ریاستی پی ایس یو ملازمین کو ان ذمہ داریوں سے خارج کیے جانے کے خلاف دائر عبوری درخواست مسترد کر دی تھی۔ واضح رہے کہ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہونی ہے، اسی پیش نظر ٹی ایم سی نے معاملے کی فوری سماعت کے لیے کل (ہفتہ) کو درخواست دی ہے۔ ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں کہا تھا کہ ریاستی ملازمین کی جگہ مرکزی حکومت یا مرکزی پی ایس یو کے ملازمین کی تعیناتی میں کوئی غیر قانونی بات نہیں ہے اور یہ فیصلہ الیکشن کمیشن کے خصوصی اختیارات کے دائرے میں آتا ہے۔ ہائی کورٹ میں ٹی ایم سی نے مغربی بنگال کے ایڈیشنل چیف الیکشن آفیسر کی جانب سے جاری کیے گئے ایک خط کو چیلنج کیا تھا، جس میں کہا گیا تھا کہ ہر ووٹ گنتی ٹیبل پر کم از کم ایک گنتی نگراں یا گنتی معاون مرکزی حکومت یا مرکزی پی ایس یو کا ملازم ہونا چاہیے۔

واضح رہے کہ مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کے دو مرحلوں کی تکمیل کے بعد 4 مئی کو ہونے والی ووٹوں کی گنتی کے پیش نظر کولکاتا پولیس نے اہم قدم اٹھاتے ہوئے اپنے دائرہ اختیار میں آنے والے تمام گنتی مراکز کے 200 میٹر کے دائرے میں 5 سے زائد افراد کے جمع ہونے پر پابندی عائد کر دی ہے۔

## ٹرمپ کی وار روم میٹنگ کے بعد جنگ کے خدشات، ایران میں ڈیفنس سسٹم فعال

> موجودہ صورتحال اشارہ دیتی ہے کہ امریکہ دوہری حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، جہاں ایک طرف مذاکرات کے دروازے کھلے رکھے جا رہے ہیں، تو دوسری طرف فوجی متبادل کو بھی پوری طرح تیار رکھا گیا ہے



واشنگٹن (ایجنسی) مشرق وسطیٰ میں ایک بار پھر کشیدگی بڑھنے کے آثار نمایاں ہو رہے ہیں۔ ایک طرف ایران میں ڈیفنس سسٹم فعال ہونے کی خبریں سامنے آ رہی ہیں، تو دوسری طرف امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے سرکردہ افسران کے ساتھ 'وار روم' میں تقریباً 45 منٹ طویل میٹنگ کی ہے۔ اس سے خوف پیدا ہو چکا ہے کہ دونوں ممالک کہیں پھر سے جارحانہ انداز اختیار کر جنگ کو وسعت نہ دے دیں۔ ہندی نیوز پورٹل 'آج تک' پر شائع ایک رپورٹ کے مطابق ایران کی راجدھانی تہران میں جمعرات کی شب ایئر ڈیفنس سسٹم کے فعال ہونے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ ایرانی میڈیا 'تسنیم' اور 'فارس' نے اطلاع دی ہے کہ یہ نظام چھوٹے ڈرون یا جاسوس طیاروں کو مار گرانے کے لیے فعال کیا گیا تھا۔ تاہم یہ واضح نہیں ہو سکا کہ یہ محض مشق تھی یا کسی حقیقی خطرے کے جواب میں اٹھایا گیا قدم۔

رپورٹس کے مطابق امریکہ بحری ناکہ بندی کو ایک مؤثر متبادل کے طور پر دیکھ رہا ہے، جو براہ راست حملہ کے مقابلے میں کم خطرناک، لیکن زیادہ دباؤ ڈالنے والا ثابت ہو سکتا ہے۔ تاہم امریکی فوجی منصوبہ ساز اس امکان کے لیے بھی تیار ہیں کہ ایران جوابی کارروائی کر سکتا ہے، جس سے پورے خطے میں تصادم مزید شدت اختیار کر سکتا ہے۔ دوسری طرف امریکی سنٹرل کمانڈ (سینٹ کام) کی جانب سے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کو ایران کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کے مختلف متبادل پر تفصیلی بریفنگ دی گئی ہے۔ اس بریفنگ سے واضح اشارہ ملتا ہے کہ واشنگٹن اب سفارت کاری کے ساتھ ساتھ فوجی دباؤ کو بھی تیز کرنے کے موڈ میں ہے۔ حکام کے مطابق تقریباً 45 منٹ طویل اس بریفنگ میں ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی کی نئی اور جارحانہ حکمت عملیوں پر تفصیل سے بات کی گئی۔ امریکی فوجی منصوبہ ساز اس بات کے لیے بھی تیار ہیں کہ اگر امریکہ ناکہ بندی یا حملہ کرتا ہے تو ایران خطے میں موجود امریکی افواج پر جوابی کارروائی کر سکتا ہے۔ اس اعلیٰ سطحی بریفنگ میں جوائنٹ چیفس کے چیئرمین جنرل ڈین کین بھی موجود تھے، جو اس بات کی علامت ہے کہ امریکہ بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی پر سنجیدگی سے غور کر رہا ہے۔

رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ سینٹ کام نے ٹرمپ کے سامنے 'شارٹ اینڈ انٹینس' یعنی کم وقت میں تیز اور درست حملوں کی حکمت عملی پیش کی، جس کے تحت ایران کے اہم انفراسٹرکچر کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ اس کا مقصد ایران کو مجبور کرنا ہے کہ وہ جوہری معاملے پر اپنے موقف میں نرمی لائے اور دوبارہ مذاکرات کی میز پر واپس آئے۔ جب صحافیوں نے صدر ٹرمپ سے ایران کے ساتھ ممکنہ بات چیت کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے اپنے مخصوص انداز میں جواب دیتے ہوئے کہا کہ "وہ (ایران) چھپے بیٹھے ہیں اور معاہدہ چاہتے ہیں....." اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ امریکہ ایران پر زیادہ سے زیادہ دباؤ ڈالنے کی حکمت عملی پر عمل کر رہا ہے۔



# City Montessori School

CMS CITY MONTESSORI SCHOOL


heartily congratulates its 3709 meritorious students who have secured 90% to 99.80% marks in the ISC & ICSE Board Exams, 2026

**4 students scored 99.75% and 9 students scored 99.50% in ISC**

**Vaivaswat Dubey secured 99.80% in ICSE** | **62 students secured 99% to 99.80% agg. marks**




Note: 4 ISC students scored 99.75%, 9 students scored 99.50%, 15 students scored 99.25%, and 14 students scored 99%




Note: 1 ICSE student scored 99.80%, 2 students scored 99.60%, 3 students scored 99.40%, 6 students scored 99.20%, and 8 students scored 99%

These 19 CMS Students on Ranks 1, 2 & 3 shall be given Rs. 1 Lakh each. Another 43 students with 99% and above will get Rs. 21,000 each, making a total prize money of over Rs. 28 Lakh

## RESULTS THAT MAKE CMS EUPHORIC !

| S.No. | Highlights | Numbers | Percentage |
|---|---|---|---|
| 1. | CMS students who secured 99% & above aggregate marks | 62 | 0.9% |
| 2. | CMS students who secured 98% & above aggregate marks | 248 | 3.5% |
| 3. | CMS students who secured 97% & above aggregate marks | 562 | 8.0% |
| 4. | CMS students who secured 95% & above aggregate marks | 1441 | 20.5% |
| 5. | CMS students who secured 90% and above aggregate marks | 3709 | 52.8% |
| 6. | CMS students who took & passed the 2026 ICSE & ISC Exams | 7030 | 100.0% |

These 3709 meritorious CMS students will take out a
**Grand Victory March and Honouring Ceremony**
on Saturday, 2nd May, 2026 at 7.45 am at CMS Gomti Nagar Extension Auditorium, Lucknow
**Shri Alok Kumar, IAS**
Additional Chief Secretary, Infrastructure & Industrial Development & NRI Department, Uttar Pradesh
will be our honoured Chief Guest on the occasion

Scan QR for full result

# اسرائیلی افواج کا ہدف جنوبی لبنان میں ہر چیز کو تباہ کرنا ہے، انکشاف

## غزہ کے لیے امدادی فلوٹیلا پر سوار بیس ترک شہریوں کو اسرائیل نے حراست میں لے لیا

## فلوٹیلا پر اسرائیلی حملہ بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے، پاکستان سمیت 11 ممالک کا اعلامیہ



تل ابیب، یکم مئی (یو این آئی) اسرائیلی افسران اور فوجیوں نے جنوبی لبنان کے دیہاتوں میں عمارتوں کو مسمار کرنے کے لیے حملے کرنے کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ ان کا مشن حزب اللہ کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے سے آگے ہے۔اسرائیل کے 2 مارچ سے شروع کردہ حملوں میں، سرکاری اعداد و شمار کے مطابق، کم از کم 534,2 افراد ہلاک، 863,7 زخمی، اور 6.1 ملین (تقریباً آبادی کا پانچواں حصہ) بے گھر ہوئے۔ 17 اپریل سے شروع ہونے والی 10 روزہ جنگ بندی کو بعد میں 17 مئی تک بڑھا دیا گیا تھا لیکن اسرائیلی فضائی حملوں اور جنوبی لبنان میں گھروں کی مسماری کے ذریعے روزانہ اس کی خلاف ورزی کی جاتی ہے۔اسرائیلی اخبار ہیرٹز کے مطابق، اسرائیلی فوج نے "حزب اللہ کے بنیادی ڈھانچے" کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر انہدام کی تصاویر جاری کی ہیں، تاہم حقیقت مختلف ہے۔اخبار نے علاقے میں موجود فوجیوں کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا کہ "وہ جو کچھ کر رہے ہیں اس کا ایک بڑا حصہ براہ راست حزب اللہ سے نہیں لڑ رہا ہے بلکہ ان کا مقصد جنوبی لبنان کے دیہاتوں میں منظم طریقے سے عمارتوں کو مسمار کرنا ہے۔"ہیرٹز نے رپورٹ کیا کہ ہر یونٹ کو بلڈوزر تفویض کیے گئے ہیں جو شہری ٹھیکیداروں کے ذریعے چلائے جاتے ہیں اور ان کی حفاظت کرتے ہیں۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا "علاقے میں موجود فوجیوں کا کہنا ہے کہ کھلے علاقوں میں ڈرونز کے خطرات سنگین بن جاتے ہیں۔" رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ "مسائل اس وقت پیدا ہوتے ہیں جب فورسز کھلے علاقوں میں ہوتی ہیں اور خود کو صحیح طریقے سے محفوظ نہیں رکھ پاتی ہیں۔لبنانی دیہات میں گھروں کی زیادہ تر تباہی کھلے علاقوں میں ہوتی ہے جس سے فوجیوں کو خطرات لاحق ہوتے ہیں۔" فوجیوں نے اخبار کو یہ بھی بتایا کہ سویلین ٹھیکیداروں کو ان کی مسماری کی رقم کے مطابق ادائیگی کی جاتی ہے۔ایک فوجی نے کہا "ہم ان کی حفاظت کے لیے موجود ہیں، ہم اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال رہے ہیں۔" یہ خبر ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب اسرائیل غزہ اور شام میں اٹھائے گئے اقدامات کی طرح اپنی سرحدوں سے باہر بفر زون کو توسیع دینے کے اقدامات کر رہا ہے۔اپریل میں، اسرائیلی فوج نے دریائے لیتانی کے جنوب میں ایک خیالی سرحد کے نفاذ کا اعلان کیا، جسے "یلو لائن" کہا جاتا ہے، جس سے سرحد تک پھیلے ہوئے علاقے کو "سیکیورٹی بفر زون" کے طور پر نامزد کیا گیا، یہ اقدام غزہ ماڈل کی یاد دلاتا ہے۔ اسرائیل کے مطابق، یہ زون بے گھر دیہاتیوں کی واپسی کو روکنے اور کسی بھی مسلح سرگرمی کو نشانہ بنانے کے لیے بنایا گیا تھا، اور اسے "تصادم کے علاقے" کے طور پر درجہ بندی کیا گیا تھا جو جنگ بندی کے معاہدوں کے تابع نہیں تھا۔

☆غزہ کے لیے گلوبل فلوٹیلا پر ترکیہ کے وفد نے جمعرات کو انادولو ایجنسی کو بتایا کہ اسرائیلی فورسز نے غزہ سے 600 ناٹیکل میل سے زیادہ بین الاقوامی پانیوں میں فلوٹیلا کو روکنے کے بعد 20 ترک شہریوں کو حراست میں لے لیا، جو یونان کے ساحل سے چند میل دور ہے۔ترک وفد نے انادولو ایجنسی کو بتایا کہ اسرائیلی فورسز نے بدھ کی رات گئے کریٹ کے ساحل پر کشتیوں کو گھیرے میں لے لیا اور اس میں سوار 170 سے زائد کارکنوں کو حراست میں لے لیا۔اسرائیلی بحریہ نے بدھ کو دیر گئے غزہ کی طویل ناکہ بندی کو توڑنے کے مقصد سے ایک فلوٹیلا سے تعلق رکھنے والے بحری جہازوں کو روک دیا۔گروپ نے بتایا کہ اسرائیلی فورسز نے کریٹ جزیرے کے قریب بین الاقوامی پانیوں میں قافلے کو گھیرے میں لے لیا، رابطہ منقطع کر دیا اور 21 جہازوں کو قبضے میں لے لیا، جس کے بعد 17 فرار ہوکر یونانی پانیوں میں داخل ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ اسرائیلی بحریہ نے بدھ کو دیر گئے غزہ کی طویل ناکہ بندی کو توڑنے کے مقصد سے ایک فلوٹیلا سے تعلق رکھنے والے بحری جہازوں کو روک دیا۔گروپ نے بتایا کہ اسرائیلی فورسز نے کریٹ جزیرے کے قریب بین الاقوامی پانیوں میں قافلے کو گھیرے میں لے لیا، رابطہ منقطع کر دیا اور 21 جہازوں کو قبضے میں لے لیا، جس کے بعد 17 فرار ہوکر یونانی پانیوں میں داخل ہونے میں کامیاب ہو گئے۔اسرائیل نے 2007 سے غزہ کی ناکہ بندی کر رکھی ہے اور 4.2 ملین فلسطینیوں میں سے تقریباً 5.1 ملین اس خطے پر اسرائیل کی نسل کشی کی جنگ کے دوران ان کے گھر تباہ ہونے کے بعد بے گھر ہو چکے ہیں۔

☆پاکستان سمیت گیارہ ممالک کی گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی حملے کی مذمت کرتے ہوئے اس کو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔پاکستان، ترکیہ، برازیل، اسپین، ملائشیا، بنگلہ دیش، کولمبیا، اردن، لیبیا، مالدیپ اور جنوبی افریقہ کے وزرائے خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیے میں گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی حملے کی شدید مذمت کی گئی ہے۔ گیارہ ممالک نے فلوٹیلا پر اسرائیل کت حملے کو بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا ہے اور بین الاقوامی پانیوں میں امدادی کارکنوں کی غیر قانونی حراست کی شدید الفاظ میں مذمت اور ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔جاری مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ گلوبل صمود فلوٹیلا پُرامن شہری اور انسانی ہمدردی پر مبنی اقدام تھا اور اس فلوٹیلا کا مقصد غزہ میں جاری انسانی المیے کی جانب عالمی توجہ مبذول کرانا تھا۔اعلامیے میں مطالبہ کیا گیا کہ اسرائیلی حکام کارکنوں کی فوری رہائی یقینی بنانے کیلیے ضروری اقدامات کریں۔ عالمی برادری بین الاقوامی قانون کے تحفظ اور شہریوں کے دفاع کیلیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسرائیلی خلاف ورزیوں پر احتساب یقینی بنانا عالمی برادری کی اخلاقی اور قانونی ذمہ داری ہے۔واضح رہے کہ گزشتہ روز اسرائیلی بحریہ نے غزہ کیلیے امداد لے جانے والے صمود فلوٹیلا کو روک کر اس میں شامل متعدد کشتیوں کو گھیر لیا اور امدادی کارکنوں کو حراست میں لے لیا۔منتظمین کا کہنا ہے اسرائیلی فوج نے ڈرونز، کمیونیکیشن جیمنگ ٹیکنالوجی اور مسلح اہلکاروں کے ذریعے بحیرہ روم کے وسط میں فلوٹیلا کو روکنے کیلیے کارروائی کی۔ اسرائیلی وزارت خارجہ نے امدادی قافلے کے بیس جہازوں پر سوار 175 کارکنوں کو حراست میں لینے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام افراد کو یونان کے حوالے کیا جائے گا۔

# نوبیل امن انعام 2026: ٹرمپ کا نام بھی ممکنہ طور پر نامزدگیوں میں شامل



اوسلو، یکم مئی (یو این آئی) ناروے کی نوبیل کمیٹی کے مطابق 2026ء کے نوبیل امن انعام کے لیے مجموعی طور پر 287 امیدواروں کو نامزد کیا گیا ہے، جن میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا نام بھی ممکنہ طور پر شامل ہو سکتا ہے۔ناروے کی نوبیل کمیٹی کے سیکریٹری کرسٹن برگ ہارپیکن کا کہنا ہے کہ 2026ء کے نوبیل امن انعام کے لیے نامزدگیوں میں 208 افراد اور 79 تنظیمیں شامل ہیں اور گزشتہ برس کے مقابلے میں اس سال کئی نئے نام سامنے آئے ہیں۔ جنوری 2025ء میں نوبیل کمیٹی کے سیکریٹری کا عہدہ سنبھالنے والے کرسٹن برگ ہارپیکن نے ایک انٹرویو میں کہا کہ چونکہ میں اس عہدے پر نیا ہوں، اس لیے مجھے یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ ہر سال فہرست میں کتنی تبدیلی آتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ دنیا بھر میں بڑھتے تنازعات اور بین الاقوامی تعاون پر دباؤ کے باوجود یہ انعام اپنی اہمیت برقرار رکھے ہوئے ہے۔ ایسے دور میں امن انعام کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے، اور مثبت کام پہلے سے زیادہ ہو رہا ہے۔ اسرائیل، کمبوڈیا اور پاکستان کے رہنماؤں نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے ٹرمپ کو اس سال کے انعام کے لیے نامزد کیا ہے۔ اگر یہ نامزدگیاں کی گئی ہیں تو وہ 2025ء کے بہار اور موسم گرما میں دی گئی ہوں گی، جو 31 جنوری کی آخری تاریخ کے مطابق درست سمجھی جاتی ہیں۔ تاہم، ان دعوؤں کی تصدیق ممکن نہیں کیونکہ نوبیل انعام کی نامزدگیاں 50 سال تک خفیہ رکھی جاتی ہیں۔ یہ بات بھی واضح کی گئی ہے کہ کسی امیدوار کی نامزدگی کا مطلب یہ نہیں کہ انعام دینے والا ادارہ اس کی توثیق کرتا ہے۔کمیٹی کے اراکین کے علاوہ دنیا بھر سے ہزاروں افراد نام تجویز کر سکتے ہیں، جن میں حکومتوں اور پارلیمان کے ارکان، سربراہانِ مملکت، یونیورسٹی پروفیسرز اور سابق نوبیل انعام یافتگان شامل ہیں۔ممکنہ امیدواروں میں روسی اپوزیشن رہنما مرحوم الیکسی ناوالنی کی اہلیہ یولیا نوالنیا، پوپ لیو اور سوڈان کی رضا کار تنظیم ایمرجنسی رسپانس رومز کے نام بھی زیر گردش ہیں۔ اسی طرح امریکی سینیٹر لیزا مرکوسکی اور گرین لینڈ سے منتخب ڈینش پارلیمنٹ کی رکن آجا کیمنٹز کو بھی نامزد کیا گیا ہے۔ انہیں نامزد کرنے والے رکن پارلیمان لارس ہالٹ بریکن کے مطابق دونوں رہنماؤں نے آرکٹک خطے میں امن اور اعتماد کے قیام کے لیے مسلسل کام کیا ہے۔واضح رہے کہ 2026ء کے نوبیل امن انعام کا اعلان 9 اکتوبر کو کیا جائے گا جبکہ تقریب 10 دسمبر کو منعقد ہوگی۔

# اسرائیل میں مسیحی رہنماؤں پر تشدد کے واقعات میں اضافہ

تل ابیب، یکم مئی (یو این آئی) اسرائیل میں مسیحی رہنماؤں پر تشدد کے واقعات میں اضافہ ہو گیا۔مقبوضہ بیت المقدس کے تاریخی علاقے میں مسیحی خاتون پر حملہ کیا گیا۔اسرائیلی شدت پسند نے مسیحی راہبہ کو دھکا دے کر زمین پر گرایا اور لاتیں ماریں۔اس حوالے سے اسرائیلی پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم کو گرفتار کر لیا ہے، حملہ نسلی نفرت کی وجہ سے کیا گیا۔اسرائیلی میڈیا کے مطابق مسیحی خاتون کا تعلق فرانس سے بتایا جا رہا ہے۔ بیت اللحم میں آباد مسیحی شہریوں کی نقل وحرکت پر اسرائیل نے پابندیاں سخت کر دی ہیں۔

# مکہ مکرمہ میں ایئرپورٹ اور میٹرو سے متعلق اہم پیشرفت



مکہ مکرمہ، یکم مئی (یو این آئی) مکہ مکرمہ میں ایئرپورٹ اور میٹرو کی تعمیر کے منصوبے جاری ہیں۔ سعودی میڈیا کے مطابق ایک اہلکار نے بتایا کہ شہر میں بڑے ٹرانسپورٹ اور بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈیشن کے طور پر بین الاقوامی ہوائی اڈے کی تعمیر اور میٹرو سسٹم کے منصوبے موجود ہیں۔ مکہ شہر اور مقدس مقامات کے لیے رائل کمیشن کے سی ای او صالح الرشید نے ہارورڈ بزنس ریویو کے ساتھ ایک انٹرویو میں کہا کہ مکہ کے ہوائی اڈے کو عالمی معیار کے مطابق تیار کرنے کے لیے اسٹریٹجک اور اقتصادی سرمایہ کاری کی ہدایات کے لیے منظوری حاصل کر لی گئی ہے جس کا مقصد لاکھوں زائرین کی خدمت کرنا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کمیشن پڑوسی شہروں میں ہوائی اڈوں کی فزیبلٹی کو متاثر کیے بغیر سرمایہ کاری کے مناسب ماڈل تیار کرنے کے لیے نجی شعبے کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ الرشید نے کہا کہ مکہ میٹرو کے لیے فزیبلٹی اسٹڈیز اور ابتدائی ڈیزائن بھی مکمل کر لیے گئے ہیں۔ٹرانسپورٹ کے علاوہ، انہوں نے کمیونٹی کی ضروریات کے ساتھ ہم آہنگی کو یقینی بناتے ہوئے، ہاؤسنگ، انفراسٹرکچر اور عوامی خدمات کا احاطہ کرنے والے منصوبوں کے ذریعے رہائشیوں اور زائرین کے لیے خدمات اور مجموعی تجربے کو بہتر بنانے کے لیے وسیع تر کوششوں کا خاکہ پیش کیا۔ان اقدامات میں اسمارٹ مکہ" پروگرام بھی شامل ہے جو مسجد الحرام اور آس پاس کے علاقوں میں ہجوم کی نقل و حرکت کی نگرانی اور انتظام کرنے کے لیے مصنوعی ذہانت کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ اس میں جمرات برج اور مرکزی زونز پر ہجوم کے بہاؤ کے لیے پیش گوئی کے نظام کے ساتھ ساتھ حجاج کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے" بلادی" ایپلی کیشن کے ساتھ مربوط فضائی امیجنگ بھی شامل ہے۔

# برطانیہ کا روس کے خلاف نئی بحری فورس بنانے کا اعلان

لندن، یکم مئی (یو این آئی) برطانیہ نے روس کے خلاف نئی بحری فورس بنانے کا اعلان کر دیا ہے جس میں نیدرلینڈز اور شمالی یورپی ممالک شامل ہیں۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق برطانیہ نے روس کے خلاف نئی بحری فورس بنانے کا اعلان کر دیا ہے جس میں نیدرلینڈز اور شمالی یورپی ممالک شامل ہیں۔اس حوالے سے برطانوی نیول چیف کا کہنا ہے کہ نیا اتحاد نیٹو سے باہر ایک مشترکہ میری ٹائم فورس ہوگا۔اس فورس میں نیدرلینڈز، نورڈک اور بالٹک ممالک شریک ہوں گے۔ برطانوی نیول چیف کے مطابق منصوبے کے تحت 10 ممالک کی بحری افواج مشترکہ تربیت اور آپریشنز کریں گی۔ یہ فورس 2029 تک مکمل جنگی صلاحیت کے ساتھ تیار ہوگی۔ برطانوی نیول چیف کا کہنا ہے کہ اس فورس کا لندن میں کمانڈ سینٹر قائم کیا جائے گا، جہاں سے آپریشنز کی نگرانی ہوگی۔

# آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث تجارتی راستوں میں بڑی تبدیلیاں سامنے آگئیں

## آبنائے ہرمز کو آبنائے ٹرمپ قرار دینے پر ایرانی وزیر خارجہ کا امریکی صدر کو جواب

## آبنائے ہرمز میں آمد و رفت بحال کرنے کیلئے امریکہ کا نیا بین الاقوامی اتحاد بنانے کا منصوبہ سامنے آگیا

دبئی، یکم مئی (یو این آئی) آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث عالمی سمندری تجارتی راستوں میں بڑی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں اور سمندری رسائی متاثر ہونے کے بعد اب کنٹینر ٹریفک کو بڑے پیمانے پر زمینی راستوں پر منتقل کر دیا گیا ہے۔الجزیرہ ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق جہاز مالکان نے خلیجی ممالک تک خوراک اور صنعتی سامان پہنچانے کے لیے سمندر کے بجائے ٹرکوں کا سہارا لینا شروع کر دیا ہے۔ خلیجی ساحلی ممالک تک براہِ راست سمندری رسائی معطل ہونے کے بعد متبادل لاجسٹک راستے مکمل طور پر فعال کر دیے گئے ہیں۔اس نئی صورتحال میں سعودی عرب کی بندرگاہ 'جدہ ریڈسی' ایک نئے علاقائی تجارتی مرکز کے طور پر ابھر رہی ہے۔ایم ایس سی، سی ایم اے سی جی ایم، مرسک اور کوسکو جیسی بڑی شپنگ کمپنیوں کے جہاز نہرِ سوئز کے ذریعے جدہ پہنچ رہے ہیں، جہاں سے کارگو کو صحرائی شاہراہوں کے ذریعے شارجہ، بحرین اور کویت منتقل کیا جا رہا ہے۔رپورٹ کے مطابق عمان کی صحار بندرگاہ جبکہ متحدہ عرب امارات کی خورفکان اور فجیرہ بندرگاہیں بھی متبادل تجارتی راستوں کے طور پر استعمال کی جا رہی ہیں۔ دوسری جانب اردن کی عقبہ بندرگاہ عراق کے شہروں بغداد اور بصرہ تک سامان پہنچانے کا اہم مرکز بن گئی ہے، جبکہ ترکیہ کے ذریعے شمالی عراق تک تجارتی راہداری کو بھی فعال کر دیا گیا ہے۔

☆ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو آبنائے ہرمز سے متعلق بیان پر اپنی ٹوئٹ میں جواب دیا ہے۔ساتھ ہی عباس عراقچی نے ایکس پر ڈونلڈ ٹرمپ کی پرانی ویڈیو بھی لگائی، جس میں ٹرمپ نے غلطی سے آبنائے ہرمز کو آبنائے ٹرمپ قرار دیا تھا، پھر کہا تھا بڑی غلطی ہوگئی۔اس کے علاوہ امریکی صدر نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر آبنائے ہرمز کا نیا نقشہ بھی شیئر کر دیا جس میں آبنائے ہرمز کو آبنائے ٹرمپ کا نام دیا گیا ہے۔ عباس عراقچی نے کہا امریکی صدر پینٹاگون کی گڑھی ہوئی اصطلاح کے بجائے خلیج فارس کی درست استعمال کرتے ہیں، ہرمز کو کسی اور نام سے پکارنا واقعی ایک سنگین غلطی ہے۔




☆ آبنائے ہرمز میں جہاز رانی بحال کرنے کیلئے امریکہ کا نیا اتحاد بنانے کا منصوبہ سامنے آگیا۔امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق امریکہ نے آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمد و رفت بحال کرنے کے لیے ایک نیا بین الاقوامی اتحاد بنانے کی کوشش شروع کر دی ہے۔رپورٹ کے مطابق اس منصوبے کو Maritime Freedom' Construct' (ایم ایف سی) کا نام دیا گیا ہے جس کا ذکر امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے منگل کے روز امریکی سفارت خانوں کو بھیجے گئے ایک کیبل میں کیا گیا۔ اخبار کے مطابق کیبل میں امریکی سفارتکاروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ دیگر ممالک کو اس اتحاد میں شامل ہونے پر آمادہ کریں۔کیبل کے مطابق امریکہ کی قیادت میں قائم ہونے والا یہ اتحاد معلومات کے تبادلے، سفارتی ہم آہنگی اور پابندیوں کے نفاذ پر کام کرے گا۔ اخبار کا کہنا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے اس حمایت کی درخواست ظاہر کرتی ہے کہ امریکہ دیگر ممالک کو بھی آبنائے ہرمز کے موجودہ اور مستقبل کے انتظام میں شریک کرنا چاہتا ہے۔رپورٹ کے مطابق یہ اتحاد محکمہ خارجہ اور امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) کے مشترکہ تعاون سے کام کرے گا جہاں محکمہ خارجہ سفارتی مرکز کا کردار ادا کرے گا جبکہ سینٹکام کمرشل شپنگ کے لیے ریئل ٹائم بحری معلومات فراہم کرے گی اور شراکت دار افواج کے درمیان معلومات کے تبادلے کو مربوط بنائے گی۔ اخبار کے مطابق ایک سینئر امریکی عہدیدار نے اس منصوبے کے حوالے سے کہا کہ یہ صدر ٹرمپ کے پاس موجود کئی سفارتی اور پالیسی آپشنز میں سے ایک ہے۔

# امریکی صدر کا جنگ بندی کے خاتمے اور ایران پر حملے دوبارہ شروع کرنے کا اشارہ

واشنگٹن، یکم مئی (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ بندی کے خاتمے اور ایران پر دوبارہ حملوں کا اشارہ دیدیا۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اوول آفس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ممکنہ طور پر جنگ بندی کے خاتمے سے متعلق سوال پر جواب دیا کہ مجھے نہیں لگتا کہ اس کی ضرورت ہے لیکن شاید پڑ بھی سکتی ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ایران کے خلاف فوجی آپریشن بہت پہلے شروع کر دینا چاہیے تھا، انہوں نے دعویٰ کیا کہ امریکہ نے ایران کی 90 فیصد میزائل کی فیکٹریاں تباہ کر دیں، ایران پر لگائی گئی پابندیں کامیاب ہیں، ایران کی معیشت تباہ ہوتی جا رہی ہے، ایران جوہری ہتھیار نہیں رکھ سکتا اور ایران معاہدہ کرنے کیلئے بیتاب ہے۔صدر ٹرمپ بولے ایرانی قیادت کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال ایک بڑا مسئلہ ہے کیونکہ کسی کو معلوم نہیں کہ وہاں اصل لیڈر کون ہے۔ امریکی صدر نے صحافیوں سے گفتگو کے دوران یہ بھی کہا کہ ایران کو فٹبال ورلڈ کپ میں شرکت کی اجازت دینی چاہیے۔ امریکی صدر نے ایک مرتبہ پھر پاکستان کے وزیر اعظم کا ذکر کیا اور کہا کہ میں نے 8 جنگیں رکوائیں، پاکستان اور ہندوستان کی جنگ بھی اس میں شامل ہے۔صدر ٹرمپ بولے پاکستان اور ہندوستان کی جنگ میں 11 طیارے گر چکے تھے، وزیر اعظم پاکستان نے مجھ سے کہا کہ میں نے 3 سے 5 کروڑ انسانوں کی جانیں بچائی ہیں۔ امریکی صدر نے کہا ایران جنگ ختم ہوتے ہی تیل و گیس کی قیمتیں فوراً کم ہو جائیں گی۔

# سعودی وزیر: ہمارے ترکیہ کے ساتھ تعلقات، اسٹریٹجک ہیں


## ہم اس میں مضبوطی لانے کے متمنی ہیں



استنبول، یکم مئی (یو این آئی) سعودی عرب کے وزیر برائے صنعت و معدنی وسائل بندر الخریف نے کہا کہ ترکیہ کے ساتھ تعلقات اسٹریٹجک" ہیں، انہوں نے صنعت اور کان کنی میں بڑھتے ہوئے تعاون کو اجاگر کیا اور کہا کہ موجودہ خلل کے باوجود خطہ مضبوط انداز میں ابھرے گا۔استنبول میں انادولو سے ایک انٹرویو میں بندر الخریف نے کہا کہ جاری کشیدگیاں اس بات کو دوبارہ تشکیل دے رہی ہیں کہ ممالک لاجسٹکس، سپلائی چینز اور صنعتی ترقی کو کس طرح اپناتے ہیں۔ آج جو ہم دیکھ رہے ہیں وہ پورے خطے کے لیے بہت اہم مواقع پیدا کرے گا، انہوں نے کورونا وبا کے دور کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس وقت سعودی عرب نے مقامی پیداوار تیز کی اور خود کفالت مضبوط بنائی۔الخریف نے کہا کہ ترکیہ کی متنوع صنعتی بنیاد سعودی عرب کی صنعتی حکمتِ عملی کے تحت ہدف بنائے گئے شعبوں کے ساتھ اچھی طرح ہم آہنگ ہے، جو تعاون کے لیے وسیع مواقع پیدا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا میں معدنیات کی مانگ بڑھ رہی ہے، اور رسد کو یقینی بنانے کے لیے ممالک کے درمیان تعاون ضروری ہے، چاہے وہ وسائل کے ذریعے ہوں یا پیداواری یا درمیانی صنعتوں کے ذریعے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ خلل ممالک کو لاجسٹکس اور نقل وحمل کے حل پر نظرِ ثانی کرنے پر مجبور کر رہے ہیں اور علاقے کی تجارتی رکاوٹوں کے ممکنہ حل کے طور پر اردن اور شام کے راستے سعودی عرب کو ترکیہ سے ملانے والی مجوزہ ریلوے لائن کی طرف اشارہ کیا۔انہوں نے کہا کہ نقل وحمل سعودی برآمدات کی دوڑ کی کلید ہے، اور بتایا کہ تجارت کو آسان بنانے اور خام مال تک رسائی بہتر بنانے والے منصوبے اولین ترجیح رہیں گے۔الخریف نے کہا کہ سعودی عرب خاص طور پر غیر تیل برآمدات کے شعبے سمیت اب اپنے صنعتی شعبے میں برسوں کی سرمایہ کاری کے فوائد حاصل کرنا شروع کر رہا ہے۔ اعداد وشمار دکھاتے ہیں کہ جو کچھ بنایا گیا تھا وہ اب نتائج دے رہا ہے سرکاری اعداد وشمار کے مطابق سعودی عرب کی غیر تیل برآمدات 2025 میں 4.166 بلین ڈالر تک پہنچ گئیں، جو سالانہ 15 فیصد اضافے کے برابر ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت زیرِ تعمیر بڑی تعداد میں کارخانے مسلسل نمو کی حمایت کریں گے، کیونکہ مملکت خود کو عالمی سرمایہ کاری کے لیے ایک مسابقتی منزل کے طور پر پیش کر رہی ہے۔

# ٹرمپ کو ایران کے خلاف ممکنہ آپشنز بتا دیے گئے





واشنگٹن، یکم مئی (یو این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر اور جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین ڈین کین نے صدر ٹرمپ کو ایران کے خلاف ممکنہ فوجی اقدامات کے حوالے سے نئے آپشنز پیش کر دیے۔ترک میڈیا نے امریکی میڈیا کا حوالہ دیتے ہوئے رپورٹ کیا ہے کہ امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ نے ایران کے خلاف ممکنہ آپشنز پر ڈونلڈ ٹرمپ کو بریفنگ دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق بریڈ کوپر نے سچویشن روم میں ہونے والی بریفنگ کے دوران ممکنہ عسکری آپشنز پیش کیے۔ اگر صدر دوبارہ فوجی کارروائیاں شروع کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ان میں ایک مختصر مگر طاقتور حملوں کی لہر شامل ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ممکنہ اہداف میں ایران کے باقی ماندہ فوجی اثاثے، قیادت اور انفرا اسٹرکچر شامل ہو سکتے ہیں۔ بریفنگ میں مشرقِ وسطیٰ میں امریکی افواج کی تازہ نقل وحرکت اور تعیناتیوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق تین بڑے آپشنز زیرِ غور آئے، جن میں پہلا آپشن آبنائے ہرمز کے اطراف واقع چھوٹے جزیروں پر امریکی زمینی افواج کی ممکنہ تعیناتی سے متعلق تھا، جس کا مقصد اس اہم بحری راستے کو دوبارہ کھولنا ہو سکتا ہے۔ دوسرا آپشن خصوصی دستوں کو اصفہان کے علاقے میں بھیجنے کا تھا، تاکہ ایران کے 60 فیصد افزودہ یورینیم کو ہٹایا جا سکے۔ تیسرا آپشن ایران کے خلاف شدید امریکی فضائی و عسکری حملے تھے۔مزید برآں، امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون جدید ہتھیاروں کی تعیناتی پر بھی غور کر رہا ہے، جن میں ڈارک ایگل نامی ایک نیا ہائپرسونک میزائل شامل ہے۔ فوکس نیوز کے مطابق یہ نظام تقریباً 2 ہزار میل (218,3 کلومیٹر) دور تک اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے اور ممکنہ طور پر ایران کے باقی بیلسٹک میزائل لانچرز کو ہدف بنا سکتا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ B-1B Lancer بمبار طیارے، جو ہائپرسونک ہتھیاروں سے لیس کیے جا سکتے ہیں، خطے میں اپنی موجودگی بڑھا رہے ہیں اور بھاری مقدار میں اسلحہ لے جانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

اودھ نامہ

# اجالے خاک نسلوں کو ملیں گے

گزشتہ ماہ اپریل میں ہندوستان کی پانچ ریاستوں میں اسمبلی انتخابات کا انعقاد کیا گیا۔وہ ریاستیں ہیں، آسام، تمل ناڈو، کیرالا، مغربی بنگال، پوڈوچیری ۔لیکن سب سے زیادہ چرچا میں مغربی بنگال کا الیکشن رہا جہاں مرکز میں برسر اقتدار جماعت نے پوری طاقت جھونک دی ہے ممتا بنرجی کے پندرہ سالہ دور اقتدار کو اکھاڑ پھینکنے کی۔ویسے بھی کسی ریاست میں پندرہ سال مکمل کر لے جانا اپنے آپ میں ہی ایک بڑی حصولیابی ہے۔ممتا کے دور اقتدار میں اتنے کیڑے نکالے گئے۔۔لوگوں کو ڈرایا بھی گیا کہ اگر یہ حکموت واپس آئی تو بنگال مین کیا کیا ہوگا۔اب ان الفاظ کو دوہرانے کی نہ ضرورت ہے اور نہ کوئی فائدہ۔مگر ممتا نے جس طرح سے یہ پندرہ سال گزارے وہ سب کے سامنے ہیں۔فرقہ واریت زہر اگر کام کر گیا تو مما کو باہر بیٹھنا پڑے گا اگر لوگوں نے سمجھداری سے کام لیا ہوگا تو ممتا واپس آئیں گی، فی الحال وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔الیکشن کے فوراً بعد ایکزٹ پول کے نتائج بھی سامنے آ گئے ہیں جس میں کسی نے ممتا کو ہرایا ہے تو کسی نے ممتا کی برتری دکھائی ہے۔

انھی وجوہ کی بنا پر پورے ہندوستان کی نگاہیں مغربی بنگال پر مرکوز تھیں اور ہیں کیونکہ یہاں کے انتخابی نتائج مستقبل کے ہندوستان کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ کریں گے کہ ہندوسان میں اب کس طرح کا نظریہ کام کرے گا۔بنگال ہی وہ ریاست ہے جہاں ایک زمانے تک باسو کی حکومت رہی تھی انھیں کوئی ہٹا نہیں پایا تھا انھوں نے خود استعفے دے دیا تھا۔اس کے بعد ممتا کا دور ایک طویل دور رہا ہے، پچھلے دورانیہ کا الیکشن بھی بھاجپا کے بہت زور لگانے کے باوجود اس کے ہاتھ سے نکل گیا تھا۔اور اس مرتبہ تو اس نے باقاعدہ فتح کے جشن کی تیاریاں بھی شروع کر دی ہیں۔وزیر اعظم، وزیر داخلہ اور یوپی کے وزیر اعلی یوگی جی نے بنگال میں ہی ڈیرا ڈال رکھا تھا اور یہ پہلا موقع تھا کہ جب ایک تنہا آئرن لیڈی ممتا بنرجی کی ٹی ایم سی کو شکست دینے کے لئے بی جے پی حکومت نے اپنے تمام حربے اور مشنریز کا استعمال کیا۔وزیر اعظم، وزیر داخلہ سے لے کر کئی ریاستوں کے چیف منسٹرس نے تو ریالیاں نکالیں، عدالت اور الیکشن کمیشن کی آنکھوں میں دھول جھونکتے ہوئے اشتعال انگیز تقریریں کیں۔ یہ لگا ہی نہیں کہ لیکشن کسی سیکولر ملک میں ہو رہا ہے۔سب سے پہلے الیکشن کمیشن آف انڈیا کو مکمل اختیارات دے کر ٹی ایم سی کے خلاف استعمال کیا گیا۔اور عین الیکشن سے پہلے الیکشن کمیشن آف انڈیا نے ’ایس آئی آر‘ کی آڑ میں 90 لاکھ سے زائد نام ووٹر لسٹ سے حذف کر دیئے۔جن میں اکثریت مسلمانوں کی تھی۔ ہر چار میں سے ایک مسلم نام یعنی 25 فیصد مسلم ووٹ حذف کر دیئے۔ گیانیشور مہاراج ہندوستان کی تاریخ کے بدترین، بدنام ترین چیف الیکشن کمشنر آف انڈیا کے طور پر یاد رکھے جائیں گے۔مغربی بنگال میں بنگلہ دیشی دراندازوں کے نام پر کئی دہائیوں سے رہنے اور بسنے والوں کو ہراساں و پریشان بلکہ بے گھر کیا گیا۔ای ڈی اور سی بی آئی کو بھی مرکزی حکومت نے ممتا بنرجی اوران کی پارٹی کے قائدین اور اس سے کہیں زیادہ عام ووٹرس پر نفسیاتی دباؤ ڈالنے کے لئے استعمال کیا۔اتنا ہی نہیں بلکہ آخری مرحلے میں دو لاکھ چالیس ہزار سینٹرل فورسز کے جوانوں کو تعینات کر کے عملی طور پر مغربی بنگال کے ان حلقوں کو جہاں پر ممتا بنرجی کی گرفت مضبوط تھی فوجی چھاؤنی میں بدل دیا گیا۔الیکشن سے ایک دن پہلے اتر پردیش کے (بدنام زمانہ) انکاؤنٹر اسپیشلسٹ اجے پال شرما کو بھیجا گیا اور اس کی قومی میڈیا کے ذریعہ کچھ اس طرح سے تشہیر کی گئی کہ اس سے ووٹرس خوفزدہ ہوں۔شرما جی مغربی نگال کے سرزمین پر قدم رکھتے ہی فلمی انداز میں پھلتا کے ٹی ایم سی امیدوار جہانگیر خان کے علاقے میں پہنچ گئے اور وہاں انہوں نے جہانگیر خاں کے ارکان خاندان کو مخاطب کرتے ہوئے دھمکی آمیز لب ولہجہ اختیار کیا۔ جہانگیر خاں کے چاہنے والے ہزاروں افراد ان کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے اور خود کو سنگھم کہلانے والے کو اندازہ ہوا کہ وہ غلطی سے ’پشپا‘ کے علاقے میں آ گئے ہیں۔ جہانگیر خاں، ممتا بنرجی اور ابھیشیک بنرجی کے خاص رفیق ہیں، وہ عتیق احمد مرحوم، شہاب الدین مرحوم کی طرح بااختیار شخصیت ہیں، جن سے بی جے پی اور اس کے قبیلے کے لوگ بھی کانپتے ہیں۔ ان جہانگیر خاں کے بارے میں باقاعدہ مہم چلائی گئی اور پروپگنڈہ کیا گیا کہ وہ مغربی بنگال کے رحمن ڈکیٹ ہیں۔اجے پال شرما کو بھیجا اسی لئے گیا تھا کہ ووٹرس پر دباؤ ڈالا جا سکے۔

مغربی بنگال ایگزیٹ پولس میں ٹی ایم سی کی شکست اور بی جے پی کے اقتدار کی پیشن گوئی کی جا رہی ہے۔عام آدمی ذہنی طور پر مغربی بنگال میں بی جے پی کی کامیابی کے لئے تیار ہو چکا ہے۔ہم بہار میں دیکھ چکے ہیں کہ کس طرح بی جے پی نے نتیش کو ٹھکانے لگایا اور اپنا آدمی بہار کی کرسی پر بٹھا دیا۔ بنگلا الیکشن کے دوسرے مرحلے سے عین پہلے عام آدمی پارٹی کے سات راجیہ سبھا کے ارکان کی بی جے پی میں شمولیت کا بھی بڑے پیمانے پر پروپگنڈہ کیا گیا۔اب یہ خبر بھی آ رہی ہے کہ تمل ناڈو میں ڈی ایم کے اور مغربی بنگال سے ٹی ایم سی کے ارکان پارلیمان کو منھ مانگی قیمت دے کر خریدا جا چکا ہے۔

اجالے خاک نسلوں کو ملیں گے
جو ذہنوں میں اندھیرے میں بو رہے ہو

# ہندوستان میں انتخابات کی شفافیت پر اٹھتے سوال

**اپوروانند**

مغربی بنگال میں نئی اسمبلی کے لیے انتخابات مکمل ہو چکے ہیں۔اس وقت اندازہ لگایا جا رہا ہے کہ ممتا بنرجی یہ انتخاب ہار چکی ہیں۔ جس طرح انتخابات کروائے گئے، اسے دیکھتے ہوئے یہی فطری لگتا ہے۔ نتائج تو 4 مئی کو آئیں گے، فی الحال ہم صرف یہ دیکھ سکتے ہیں کہ یہ انتخاب کس طرح لڑا گیا اور اس کے بنگال اور ہندوستان کے لیے کیا معنی ہو سکتے ہیں۔انتخابات میں دو اہم حریف تھے؛ بھارتیہ جنتا پارٹی اور ترنمول کانگریس۔ بی جے پی کے معاون کے طور پر الیکشن کمیشن نے اپنے تمام وسائل بی جے پی کے لیے استعمال کیے۔سپریم کورٹ نے بھی الیکشن کمیشن کو مکمل چھوٹ دے کر بالواسطہ طور پر بی جے پی کا ساتھ دیا۔ اگر یہ ماڈل عوام نے قبول کر لیا تو ہندوستان میں انتخابات اسٹالن کے روس میں ہونے والے انتخابات جیسے ہو جائیں گے، جہاں نتیجہ ووٹنگ سے پہلے ہی سب کو معلوم ہوتا ہے۔بعض اخبار اس انتخاب کو ممتا بنرجی کی زندگی کی سب سے بڑی جنگ قرار دے رہے ہیں۔ اگر ہم انتخاب سے پہلے ریاست میں مرکزی مسلح افواج کی تعیناتی کو دیکھیں تو یہ واقعی ایک جنگ جیسا ہی تھا۔لوگوں نے حیرت کا اظہار کیا کہ مغربی بنگال میں فضائیہ اور بحریہ کو تعینات نہیں کیا گیا تھا۔ یہ تعیناتی غیر جانبدار اور پرامن انتخابات کے انعقاد سے زیادہ ممتا بنرجی کی پارٹی ترنمول کانگریس کے ارکان کو خوفزدہ کرنے اور ووٹروں پر نفسیاتی دباؤ ڈالنے کے لیے کی گئی تھی۔

انتخابی مہم اور ووٹنگ کے دن سکیورٹی فورسز کے رویے سے بھی واضح تھا کہ انہیں ایک پارٹی کے خلاف اور دوسری پارٹی کی مدد کے لیے بھیجا گیا تھا۔لنگی پہن کر پولنگ اسٹیشن آنے والے ووٹروں کو واپس بھیج دینا اسی ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے جو لباس دیکھ کر انسان کی پہچان کرتی ہے۔الیکشن کمیشن نے تو پہلے ہی اپنے دھمکی آمیز بیانات سے واضح کر دیا تھا کہ وہ اس انتخاب میں بھارتیہ جنتا پارٹی کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کر کے اس کی جیت کی راہ ہموار کر رہا ہے۔ووٹر لسٹ کی صفائی کے نام پر تقریباً 27 لاکھ سے زائد زندہ ووٹروں سے حق رائے دہی چھین کر الیکشن کمیشن نے یہ ظاہر کر دیا تھا کہ اس کی دلچسپی صرف انتخابات کروانے میں نہیں بلکہ ایسے ووٹروں کو الگ کرنے میں ہے جو بی جے پی کے لیے مشکل پیدا کر سکتے ہیں۔جن دلائل کی بنیاد پر ووٹروں کے نام فہرست سے ہٹائے گئے، انہیں سمجھنے میں سپریم کورٹ بھی ناکام رہی۔جس ’منطقی تضاد‘ کا سہارا لے کر لاکھوں ووٹروں کے نام کاٹے گئے، اسے سپریم کورٹ نے بھی غیر معمولی اور غیر منطقی قرار دیا۔لیکن اس کے باوجود سپریم کورٹ کو بھی ان ووٹروں کا حق رائے دہی بحال کرنے کی کوئی عجلت نہیں تھی۔

’اگر اس انتخاب میں ووٹ نہیں دیا تو کون سی آفت آ جائے گی؟‘ یہ سپریم کورٹ کا تبصرہ تھا۔جیسے الیکشن کمیشن نہیں چاہتا تھا کہ وہ اس انتخاب میں ووٹ ڈالیں، ویسے ہی ’اس انتخاب‘ میں ان کے ووٹ نہ ڈالنے پر سپریم کورٹ کو بھی کوئی اعتراض نہیں تھا۔یہاں تک کہ پولنگ افسران کے نام بھی ووٹر لسٹ سے ہٹا دیے گئے تھے۔لیکن ملک کی سب سے بڑی عدالت کے لیے یہ بھی کوئی خاص بات نہیں تھی۔اس نے کہا کہ وہ پہلے ووٹنگ کروا دیں، اگلے انتخاب میں اپنا ووٹ ڈال لیں! سب نے دیکھا کہ جن ناموں کو ہٹایا گیا، ان میں مسلمانوں کے نام آبادی کے تناسب سے غیر متناسب طور پر زیادہ تھے۔ ایسی نشستوں پر، جہاں وہ فیصلہ کن کردار ادا کر سکتے تھے، بڑی تعداد میں ان کے نام حذف کر دیے گئے تھے۔

اس کے ساتھ ہی ترنمول کانگریس کے لیے انتخابی مہم کا کام دیکھ رہی ایک تنظیم پر مرکزی تحقیقاتی اداروں نے چھاپہ مارا اور اس کے افسران کو گرفتار کر لیا۔ یہ کارروائی صرف اور صرف ترنمول پارٹی کی انتخابی مہم کو مفلوج کرنے کے لیے تھی۔ اس بات کی تصدیق اس سے ہوتی ہے کہ انتخاب ختم ہوتے ہی اس گرفتار افسر کو ضمانت مل گئی اور انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے اس ضمانت کی مخالفت بھی نہیں کی۔ انتخابی مہم کے دوران مسلسل ترنمول کانگریس کے رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف تادیبی کارروائیاں کی جاتی رہیں۔ اس قدر بے شرمی کا مظاہرہ کیا گیا کہ دو بار کلکتہ ہائی کورٹ کو الیکشن کمیشن کو سرزنش کرنی پڑی۔ ہائی کورٹ کے احکامات کے باوجود الیکشن کمیشن ترنمول کانگریس کے لوگوں کو گرفتار کرتا رہا۔ ان باتوں کو مدنظر رکھیں تو کہا جا سکتا ہے کہ منصفانہ انتخابات کرانے کی ذمہ داری جن اداروں کی تھی، انہوں نے اس انتخاب کو بھارتیہ جنتا پارٹی کے لیے آسان بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

ترنمول کانگریس کے ہاتھ پیچھے باندھ دیے گئے۔ کسی کے لیے یہ دیکھنا مشکل نہیں تھا کہ یہ ایسی مقابلہ آرائی ہے جس میں دونوں جماعتیں برابر کی سطح پر نہیں کھڑی تھیں۔ یہ الگ بات ہے کہ کچھ لوگوں کے لیے یہ تشویش کا باعث ہے، لیکن بہت سے لوگوں کو اس میں بڑا مزہ آ رہا ہے۔انتخابی مہم میں بی جے پی نے تبدیلی کا نعرہ دیا۔یہ اسی طرح کا پردہ تھا جیسے ’سب کا ساتھ، سب کا وکاس‘ کا نعرہ بی جے پی کی فرقہ وارانہ مہم کے لیے ایک پردہ تھا۔تبدیلی کے نعرے کی آڑ میں بی جے پی نے جس لفظ کا سب سے زیادہ استعمال کیا، وہ تھا گھس پیٹھیا۔ممتا بنرجی کو گھس پیٹھیوں کی رہنما بتایا گیا اور بی جے پی ہر گھس پیٹھیے کو ایک ایک کر کے نکال باہر کرے گی- یہ بات امت شاہ نے بار بار کہی۔اس کا مطلب ہر ایک کے لیے واضح تھا۔

سندیش کھالی میں زمین ہڑپنے اور تشدد کے ملزم ترنمول کے رہنما شاہجہاں شیخ کو بار بار گھس پیٹھیا کہا گیا۔اسے مجرم کہا جا سکتا تھا، لیکن وزیر داخلہ امت شاہ نے جان بوجھ کر اسے گھس پیٹھیا کہا۔بی جے پی کے رہنما یہی کہہ رہے ہیں کہ تمام مسلمان گھس پیٹھیے ہیں۔ہمایوں کبیر نامی ایک رہنما نے انتخابات سے ٹھیک پہلے بابری مسجد بنانے کا اعلان کیا۔امت شاہ نے اسے بھی ایک ایشو بنایا؛ ’ممتا بنرجی اپنے پیادے ہمایوں کبیر کے ذریعے بابری مسجد بنانے کی کوشش کر رہی ہیں۔لیکن وہ کان کھول کر سن لیں: بنگال ہندوستان کا حصہ ہے، اور جب تک بی جے پی کا ایک بھی کارکن زندہ ہے، ہم یہاں کسی کو بابری مسجد نہیں بنانے دیں گے۔‘

بنگال میں ہر کوئی، خصوصی طور پر مسلمان، کہہ رہا ہے کہ ہمایوں کبیر بی جے پی کا آدمی ہے۔ وہ بابری مسجد بنانے کی بات کرے گا اور بی جے پی اس کے خلاف ہندو جذبات کو مجتمع کرے گی- بی جے پی کی حکمت عملی یہی ہے۔ نریندر مودی نے اپنی تقریروں میں اپنی مخصوص زبان میں ہندوؤں کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکانے کا کام کیا۔ممتا بنرجی درگا پوجا میں رکاوٹ ڈالتی ہیں اور ووٹ بینک کی سیاست کرتی ہیں، مودی نے اپنی تقریروں میں اسے بار بار دہرایا۔اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بنگال میں اردو نہیں بولنے دیں گے۔ انہوں نے ترنمول پر الزام لگایا کہ وہ بنگال کو ہندوؤں سے خالی کرنا چاہتی ہے۔ ہمنتا بسوا شرما نے بھی اس انتخاب کو بیرونی لوگوں کے خلاف مقامی لوگوں کی لڑائی قرار دیا۔ بنگال بی جے پی کے سب سے بڑے رہنما سویندو ادھیکاری کا کلیدی نعرہ ہی تھا ’جے شری رام‘۔’میں پوجا کر رہا ہوں، ممتا نماز پڑھ رہی ہے‘؛ کیا اس کا مطلب سمجھانے کی ضرورت ہے؟

بی جے پی نے یہ انتخابی مہم مکمل طور پر ہندوتوا کی زبان میں چلائی۔ وہ بنگال میں ہندوؤں کو مبینہ طور پر بیرونی، گھس پیٹھیے مسلمانوں سے بچانے کے لیے حکومت بنانا چاہتی ہے۔ واضح ہے کہ وہ مسلمانوں کا ووٹ نہیں چاہتی تھی اور ہندوؤں کا ووٹ ان کے خلاف چاہتی تھی۔ الیکشن کمیشن کے فرقہ وارانہ اقدامات کے بعد بی جے پی کی اس شدید فرقہ وارانہ انتخابی مہم نے بنگال کے سمجھدار لوگوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ اگر اس فرقہ وارانہ مہم کی بنیاد پر بی جے پی حکومت بناتی ہے تو وہ آگے کیا کرے گی، کیا اس کا اندازہ لگانا مشکل ہے؟

مضمون نگار: دہلی یونیورسٹی میں پڑھاتے ہیں
(بشکریہ: دی وائر اردو)

# جمہوریت کے طرز عمل کی زبان مسخ ہو چکی

**اشوک واجپئی**

گزشتہ ہفتہ نئی دہلی کے ’ماتا سندری مہاودیالیہ‘ میں ’زبان-اُتسو‘ کے تحت ’جمہوریت کی زبان اور زبان کی جمہوریت‘ موضوع پر ایک مذاکرہ تھا، جس میں پروشوتم اگروال اور پریہ درشن کے علاوہ میں نے حصہ لیا۔ پہلی بات جو ذہن میں آئی وہ یہ تھی کہ ہماری جمہوریت کئی زبانوں میں بولتی، فعال اور تخلیقی جمہوریت ہے۔ یہ لسانی کثرت صدیوں پر مشتمل ہندوستانی روایت، ہندوستانی ثقافت اور وسیع عوامی زندگی کے مطابق ہے۔ہندوستان کی ناگزیر اور ناقابل تسخیر لسانی کثرت کو اپنے اندر سموئے ہوئی جمہوریت نے اپنی تشکیل کے آغاز ہی سے اس کثرت کو تسلیم کیا اور آئین کے نافذ ہونے کے 6 سال کے اندر لسانی بنیاد پر ریاستوں کی ازسرنو تشکیل کی۔ جس لسانی کثرت پر ہندوستانی جمہوریت قائم ہے، وہ اس جمہوریت کو مضبوط اور مستند بناتی ہے۔ ہندوستان میں جمہوریت نہ تو کسی ایک زبان میں ممکن ہے، نہ کسی ایک زبان کی اس پر اجارہ داری ہو سکتی ہے۔

یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ہماری آزادی کی جدوجہد ہندوستان کی تمام زبانوں اور بولیوں میں لڑی گئی تھی اور وہ جدوجہد صرف آزادی کے لیے نہیں، جمہوریت کے لیے بھی تھی۔ ہم نے آزادی حاصل کرنے کے صرف 3 برس بعد جمہوریت قائم کر لی۔ ہم اپنی ہزاروں برس کی تاریخ میں پہلی بار غیر معمولی طور پر گزشتہ 76 برسوں سے جمہوریت میں رہ رہے ہیں۔ مجموعی طور پر ہماری جمہوریت کی دو زبانیں ہیں: قدر کی زبان اور عمل کی زبان۔ اس کے بنیادی اقدار وہی ہیں جو آئین کے ہیں، یعنی آزادی، مساوات، انصاف اور اخوت۔ ان اقدار کو ہندوستانی فکر اور روایت سے آیا ہوا دیکھا جا سکتا ہے۔ ہماری آزادی کی جدوجہد کے بھی یہی اقدار تھے۔ جمہوریت کے طرز عمل کی زبان میں تمام شہریوں کو یکساں بنیادی حقوق، تمام بالغوں کو حق رائے دہی، آزاد اور منصفانہ انتخابات، پارلیمنٹ اور اسمبلیاں، اقتدار اور اپوزیشن، بحث مباحثہ و مکالمہ، آزاد عدلیہ اور الیکشن کمیشن، دیگر آئینی ادارے، اقلیتوں، درج فہرست ذاتوں اور قبائل کو خصوصی سہولتیں، ریزرویشن وغیرہ، اختلاف-مزاحمت-اظہار وغیرہ کا احترام، تعلیم-علم-سائنس کا فروغ، آزاد میڈیا، آزاد ادب وفنون، قانون کی حکمرانی وغیرہ شامل رہے ہیں۔ طرز عمل کی زبان، قدر کی زبان کو مجسم، مستند، دھندلا وغیرہ کرتی رہی ہے۔ دونوں زبانوں کے درمیان کبھی کبھار تناؤ، فاصلہ اور تضاد بھی رہے ہیں۔

آج کے وقت میں قدر کی زبان کا، اس کے تصورات کا حکمراں سیاسی طاقتیں دم تو بھرتی ہیں اور ان کے تئیں اپنی وابستگی کا عوامی اعلان بھی کرتی ہیں، لیکن عمل اس کے بالکل برعکس کرتی ہیں۔ قول وفعل میں جو فرق فطری طور پر ہوتا آیا ہے، وہ اتنا بڑھ گیا ہے کہ لگتا ہے قول کے بالکل برعکس فعل ہو رہا ہے۔ یہ خلیج، یہ منافقت ہماری جمہوریت کی تاریخ میں اس سے پہلے اتنی وسیع کبھی نہیں رہی۔ اس وقت جمہوریت کے طرز عمل کی زبان وسیع پیمانے پر آلودہ، مسخ شدہ، بدصورت اور اقدار سے منحرف ہو گئی ہے۔ شہریوں کے حقوق ہر طرف سے محدود کیے جا رہے ہیں۔ کثرت کو اکثریت میں بدل کر اقلیتوں کو ان کے حقوق وسہولتوں میں محدود کیا جا رہا ہے۔ اظہار رائے کی آزادی کو مجرمانہ بنا دیا گیا ہے۔ انتخابات کی غیر جانبداری بری طرح مشتبہ ہو گئی ہے۔ عدلیہ بلا جھجک اقتدار کے حق میں جھک رہی ہے۔

میڈیا کا بڑا وسائل سے مالا مال حصہ اقتدار پرست دم ہلانے والی تابع داری میں ملوث ہے، اقلیتوں کو دوئم درجے کا شہری بنانے اور جمہوریت کے لیے غیر ضروری قرار دینے کی مہم چل رہی ہے، علم کے بجائے جہالت کا اعلیٰ سطحوں سے تمجید کی جا رہی ہے۔ علم کے اداروں میں آزاد جستجو اور سوال اٹھانے کو روکا جا رہا ہے۔ آئینی ادارے منصوبہ بند طریقے سے کمزور اور بے اثر ہو گئے ہیں، عوامی مکالمے میں جھوٹ، نفرت، تشدد، بدتمیزی تیزی سے پھیل رہی ہے۔ ہندوستان کے 2 فیصد لوگوں کے ہاتھ میں اس کی کل دولت کا 50 فیصد سے زیادہ ہے۔ مذہبی انتہا پسندی، فرقہ واریت، بے روزگاری، بے کاری مہنگائی مسلسل بڑھ رہی ہیں۔ ہندی ہندوستان کی راج بھاشا تو نہیں بنی، لیکن موجودہ جمہوریت اسے بدتمیزی، جھگڑوں، فریبوں، جھوٹ اور نفرت سے لیس، توہین آمیز اور تشدد کی راج بھاشا ضرور بنا رہی ہے۔ صورت حال یہ ہے کہ حکمراں، سیاست دان، مذہبی رہنما، اداکار، کھلاڑی اور مجرم بہت نمایاں ہیں اور جمہوریت غائب ہے۔ جہاں تک محض زبان کا سوال ہے، یہ یاد رکھنا چاہیے کہ زبان انسان کی سب سے انقلابی ایجاد ہے۔ وہ اپنے آغاز، ارتقا اور پھیلاؤ میں جمہوری رہی ہے۔ اسے کسی دیوتا، مسیحا، گرو نے نہیں بلکہ انسان کی اجتماعیت نے تخلیق کیا ہے۔ ہر زبان میں اکثر کچھ بولیاں بھی شامل ہوتی ہیں۔ صرف ہندی میں ہی مردم شماری کی رپورٹ کے مطابق 46 بولیاں ہیں۔

کئی ہندوستانی زبانوں نے آئین کے نافذ ہونے کے بعد اس کی فہرست میں جگہ پانے کے لیے جدوجہد کی ہے اور وہ کامیاب بھی ہوئی ہیں۔ جمہوریت کے مضبوط اور خوشحال ہونے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے شہری علم سے مالا مال ہوں۔ اس لیے زبانوں میں علم کی پیداوار اہم ہو جاتی ہے۔ اس معاملے میں ہماری جمہوریت کا ریکارڈ اچھا نہیں ہے۔ ہمارے یہاں علم، فکر، تفکر کے میدان میں انگریزی کا غلبہ ہے۔ ہندی گویا فکر یا علم کی زبان بن ہی نہیں پائی ہے۔ کئی ہندوستانی زبانوں میں بھی یہی حال ہے۔ پھر بھی، زبانوں میں بڑھتی جمہوریت کا ایک نتیجہ یقیناً یہ ہے کہ صدیوں سے تخلیقی اظہار سے محروم دلتوں، عورتوں اور قبائلیوں نے ادبی سطح پر بے خوفی اور جرأت کے ساتھ اظہار کرنا اور اپنی جائز جگہ پانا شروع کیا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ہندی بغیر اپنا غلبہ قائم کرنے کی کوشش کیے کئی نئی صورتیں اختیار کرے گی جنہیں، بنگلہ-ہندی، کنڑ-ہندی، ملیالم-ہندی، آسامیہ-ہندی کہا جائے گا۔ کئی ہندوستانی زبانیں ہندی میں باہم گونجیں گی۔ یہ ریاست سے نہیں سماجی کوشش سے ہوگا، اگر ہوگا۔

**کچرے کی جگہ**

گزشتہ ہفتہ اشوک یونیورسٹی نے امت چودھری کی پہل پر 2 دن کا بہت دلچسپ اور فکر انگیز سیمینار کیا جس کا موضوع تھا ’ڈوئنگ دی ڈرٹ آن ٹریجڈی‘۔ اس میں سامع کی حیثیت سے حصہ لیتے ہوئے یہ خیال آیا کہ ہماری زندگی میں بہت سا کچرا جمع ہو کر آس پاس بکھرا رہتا ہے۔ ایک بڑی صفائی مہم چلی، لیکن کچرا کم ہونے کی بجائے بڑھتا گیا ہے۔ اس کا ایک بڑا اور کسی حد تک فیصلہ کن حصہ ہمارے دماغوں میں بھی روز بھرا جاتا ہے۔ گودی میڈیا زیادہ تر کچرا میڈیا بھی ہے۔ ادب میں اس کا اپنا کچرا بھی کافی ہوتا ہے۔ سوال اٹھتا ہے کہ اس کچرے سے (جو سماجی، بازاری، مذہبی، سیاسی وغیرہ ایک ساتھ ہے) ادب کیسے نمٹے یا نمٹ رہا ہے۔ حقیقت کا کچرا ادب میں نہ جائے، یہ ممکن نہیں ہے جبکہ حقیقت (اپنی پوری پیچیدگی میں) ادب کا ہدف ہوتی ہے۔ صفائی یا پاکیزگی کے کسی اصرار سے کچرے کو ادب سے جھاڑ کر باہر پھینکنا ممکن نہیں ہے۔ لیکن کچرے کو حساب میں لینے کا مطلب ادب کو ہی کچرا گھر بنا دینا نہیں ہو سکتا۔ بہت کچرا ہے، رات دن پھیلایا جا رہا، بدبودار کچرا ہے، لیکن اس سے بچ کر زندگی بھی تو ہے... سرگرم، متحرک، احساسات وتجربات سے لبریز زندگی۔ اسے نہ کچرے میں سمیٹا جا سکتا ہے، نہ کچرے سے دبایا جا سکتا ہے۔

ہماری عوامی زبان میں بھی بہت گندگی گھس گئی ہے۔ ہر زمانے میں گندگی رہی ہے۔ لیکن لگتا ہے ان دنوں وہ بہت بڑھ گئی یا کہ کوشش کر کے بڑھا دی گئی ہے۔ ادب کے پاس یہ اختیار نہیں ہو سکتا کہ وہ کچرا اور گندگی کو تو نظر میں رکھے، انہیں جگہ دے اور ان طاقتوں کی شناخت کرنے سے (کسی بزدلی میں) بچے یا انہیں غیر نشان زد چھوڑ دے، جو بیشتر کچرے کے لیے ذمہ دار ہیں۔ ایسا کرنا غیر اخلاقی ہی ہوگا۔

# خواتین ریزرویشن بل خواتین کو بااختیار بنانے کا نہیں، ووٹ حاصل کرنے کا سیاسی حربہ ہے

**شوچی وشواس**

ہمارے جمہوری نظام کی ستم ظریفی یہ ہے کہ خواتین انتخابات میں اپنے ووٹ کی طاقت کا مظاہرہ تو کرتی ہیں، لیکن آبادی کے تناسب سے پارلیامنٹ اور اسمبلیوں میں داخل نہیں ہو پاتی ہیں۔ تمام تاریخی وجوہات کی بنا پر خواتین عوامی نمائندہ بننے میں پیچھے رہ جاتی ہیں۔ ان کی مناسب نمائندگی کو یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے۔ سال 2023 میں پارلیامنٹ نے متفقہ طور پر ناری شکتی وندن ایکٹ کو منظور کیا، لیکن وزیر اعظم نریندر مودی نے یہ یقینی بنایا کہ قانون بننے کے بعد بھی خواتین کو ابھی انتظار کرنا پڑے گا۔ خواتین کے ساتھ دھوکہ کرتے ہوئے مودی حکومت نے اسے آئندہ مردم شماری اور حد بندی تک موخر کر دیا تھا۔ جبکہ خواتین ریزرویشن کو نافذ کر کے 2024 کے لوک سبھا اور اس کے بعد ہونے والے کئی اسمبلی انتخابات کرائے جا سکتے تھے۔ لیکن قانون بنا کر بھی اسے نافذ نہ کرنے کی عجیب وغریب مثال پیش کرتے ہوئے مودی حکومت نے اپنی خواتین مخالف پالیسی کا ثبوت دیا، جبکہ اس کا اصل مقصد 2024 کے لوک سبھا انتخابات میں خواتین کا ووٹ حاصل کرنا تھا۔ تاہم خواتین کی سیاسی بیداری اور شرکت اتنی بڑھ چکی ہے کہ وہ مودی حکومت کے اس دھوکے کو سمجھ چکی ہیں۔ اسی لیے مودی حکومت کو 2026 میں کیرالہ، بنگال، آسام اور پڈوچیری جیسے صوبوں میں خواتین کے ووٹ فریب سے حاصل کرنے کے لیے پھر سے کوشش کرنی پڑی۔ ایک بار منظور شدہ بل کو دوبارہ پارلیامنٹ میں پیش کرنا دراصل خواتین ریزرویشن کی آڑ میں حد بندی کر کے اپنی جیت یقینی بنانے کی ایک چال بھر تھی۔ اسی لیے یہ بل پارلیامنٹ میں خارج ہو گیا۔ قاعدے سے تو مودی جی کو استعفیٰ دے دینا چاہیے تھا کیونکہ اس سے ان کی حکومت کے اقلیت میں ہونے کا ثبوت مل گیا تھا۔ اس کے برعکس، مودی حکومت کی مشینری، پوری بی جے پی اور پورا میڈیا اس بل کے منظور نہ ہونے کا الزام اپوزیشن پر ڈالنے میں مصروف ہو گیا۔ اس سے سیاسی بے شرمی اور خواتین کے ساتھ دھوکے کی حقیقت سامنے آ گئی۔

حد بندی کا فریب

دراصل، حکومت نے جو بل پیش کیا تھا، اس میں خواتین کے ریزرویشن سے زیادہ زور حد بندی پر تھا۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ یہ بل خواتین کے ریزرویشن کے نام پر حد بندی نافذ کر کے طویل عرصے تک اقتدار میں بنے رہنے کی مودی حکومت کی سازش تھی۔ یہ خواتین کو بااختیار بنانے کا اقدام نہیں بلکہ 2029 کے لوک سبھا انتخابات کو مدنظر رکھتے ہوئے بی جے پی کی ایک سیاسی چال تھی، جسے بروقت کانگریس اور دیگر اپوزیشن جماعتوں نے روک دیا۔ اس بل کی سچائی یہ ہے کہ یہ خواتین ریزرویشن کی آڑ میں جنوبی ہندوستان اور خواتین دونوں کے خلاف ایک سوچی سمجھی سازش تھی۔ اگر مودی حکومت اور بی جے پی کی نیت واقعی صاف ہوتی تو یہ خواتین ریزرویشن 2024 کے عام انتخابات میں ہی لاگو کیا جانا چاہیے تھا، لیکن ایسا نہیں ہوا۔ وجہ صاف ہے۔ ان کا مقصد خواتین کو اقتدار میں حقیقی حصہ دینا نہیں بلکہ ان کے نام پر ووٹ کی سیاسی فصل کاٹنا تھا۔

درحقیقت خواتین ریزرویشن کی اصل اور ٹھوس بنیاد کانگریس نے رکھی تھی۔ سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کی دور اندیش حکومت نے 73ویں اور 74ویں آئینی ترامیم کے ذریعے پنچایتی راج اداروں میں خواتین کے لیے ایک تہائی ریزرویشن کو یقینی بنایا تھا۔ یہ کوئی جملہ نہیں تھا بلکہ ایک حقیقی حق تھا۔ اسی کی بدولت کرناٹک جیسی ریاستوں نے اس تجربے کو اس قدر کامیاب بنایا کہ انہوں نے پنچایتی سطح پر ریزرویشن کو 50 فیصد تک بڑھا دیا۔ 15 سے زیادہ صوبوں نے اس کی پیروی کی۔ ان خواتین عوامی نمائندوں نے پنچایتی راج کی سمت ہی بدل دی۔ یہ تجربہ نہ صرف کامیاب رہا بلکہ اس نے یہ بھی ثابت کیا کہ خواتین کی قیادت کی صلاحیت سسٹم کی سوچ سے کہیں زیادہ ہے۔ یعنی جب کانگریس نے خواتین کو حق دیا تو اسے فوراً اور بغیر کسی شرط کے نافذ کیا۔ جبکہ جب بی جے پی نے دیا تو اس میں اتنی شرائط، پیچیدگیاں اور غیر یقینی صورتحال شامل کر دی گئی کہ وہ حق کم اور انتخابی نعرہ زیادہ لگنے لگا۔

گزشتہ دنوں پارلیمنٹ کے خصوصی اجلاس میں پیش کیا گیا خواتین ریزرویشن بل محض خواتین کے ریزرویشن تک محدود نہیں تھا بلکہ اس کے پیچھے ایک بڑی اور خطرناک سیاسی چال چھپی ہوئی ہے جو براہ راست ہندوستان کے وفاقی ڈھانچے پر حملہ کرتی ہے۔ اگر اسے سمجھنے کی کوشش کی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ حد بندی کے ذریعے شمالی ہندوستان کی سیاسی بالادستی قائم کرنا اور اس کے لیے خواتین کے حقوق کو ڈھال کے طور پر استعمال کرنا اس کا اصل مقصد ہے۔ ہندوستان میں آبادی پر کنٹرول کے معاملے میں جنوبی صوبوں جیسے تمل ناڈو، کیرالہ، کرناٹک، آندھرا پردیش اور تلنگانہ نے غیر معمولی پیش رفت کی ہے۔ ان ریاستوں نے حکومتی پالیسیوں پر عمل کرتے ہوئے آبادی میں اضافے کو قابو میں رکھا۔ لیکن اب اگر آبادی کی بنیاد پر حد بندی ہوگی تو ان کی پارلیامانی نشستیں کم ہو جائیں گی یا پھر ویسی کی ویسی رہیں گی، جبکہ اتر پردیش، بہار اور مدھیہ پردیش جیسے صوبوں کی نشستیں بڑھ جائیں گی۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے یقین دہانی کرائی کہ جنوبی ہندوستان کی نشستیں کم نہیں ہوں گی بلکہ بڑھیں گی، لیکن اپوزیشن کا سوال یہ ہے کہ جب شمالی ہندوستان کی نشستیں اور زیادہ بڑھیں گی تو جنوبی ریاستوں کا تناسب لازماً کم ہو جائے گا۔ یعنی تناسب کے لحاظ سے ان کی طاقت میں کمی آئے گی۔ تمل ناڈو میں ڈی ایم کے جیسی پارٹیاں، جو سماجی انصاف اور خواتین کے حقوق کی حقیقی علمبردار رہی ہیں، اسی وجہ سے اس بل کی کھل کر مخالفت کرتی ہیں۔ یہ خواتین کو بااختیار بنانے کا اقدام نہیں بلکہ خواتین کے کندھوں پر بندوق رکھ کر پورے ملک کے علاقائی توازن اور وفاقی ڈھانچے کو کمزور کرنے کی کوشش ہے۔ زبان، خطہ اور نظریے کی عددی برتری قائم کرنے کے لیے خواتین کے نام کا استعمال کرنا بی جے پی کی سیاست کی ایک انتہائی قابل مذمت شکل ہے۔

یہاں ایک عالمی مثال بہت اہم ہے جو یہ دکھاتی ہے کہ جب کوئی حکمراں جماعت عوام میں اپنی مقبولیت کھونے لگتی ہے تو وہ انتخابات لڑنے کے بجائے انتخابی قوانین کو ہی اپنے حق میں بدل دیتی ہے۔ ہنگری کے وزیر اعظم وکٹر اوربان نے 2010 میں اقتدار میں آنے کے بعد یہی کیا۔ انہوں نے 2011 میں پارلیامنٹ میں اپنی جماعت فیڈیز پارٹی کی دو تہائی اکثریت کا استعمال کرتے ہوئے یکطرفہ طور پر، بغیر کسی اپوزیشن جماعت سے مشورہ کیے، انتخابی قوانین میں تبدیلی کر دی۔ سال 2014 کے انتخابات میں فیڈیز پارٹی کو کل ووٹوں کا صرف 45 فیصد حاصل ہوا تھا۔ لیکن غیر مساوی انتخابی حلقوں کی وجہ سے انہوں نے سنگل سیٹ اضلاع کا 91 فیصد جیت لیا اور مجموعی نشستوں میں دو تہائی اکثریت حاصل کر لی۔ فیڈیز پارٹی نے 2011 کے انتخابی قانون کے ذریعے حد بندی کی سرحدیں اس طرح کھینچیں کہ جیتنے والی سیاسی جماعت کو طویل عرصے تک فائدہ ملے۔ یہ عمل غیر شفاف طریقے سے انجام دیا گیا تھا اور ایک طرح سے یہ عام لوگوں کے ساتھ دھوکہ بھی تھا۔

اب اگر ہم اسے حد بندی کے تناظر میں دیکھیں تو واضح ہوگا کہ پارلیامانی نشستیں بڑھانے سے بی جے پی کی لسانی اور علاقائی فرقہ واریت کو سب سے زیادہ فائدہ ہوگا، اور آبادی کی بنیاد پر حد بندی سے شمالی ہندوستان میں نشستیں بڑھیں گی جبکہ ان جنوبی ریاستوں کو نقصان ہوگا جنہوں نے آبادی کنٹرول کر کے مضبوط معیشتیں قائم کی ہیں۔ ہنگری میں بھی یہی ہوا تھا کہ آبادی کے حساب سے غیر مساوی انتخابی حلقہ بناؤ، اپنے مضبوط علاقوں کو زیادہ نمائندگی دو اور اپوزیشن کو عوامی حمایت ہونے کے باوجود نشستوں سے محروم رکھو۔ مودی حکومت حد بندی کے ذریعے یہی کرنے کی کوشش میں ہے، بس خواتین کے ریزرویشن کا نقاب اوڑھ رکھا ہے۔

حاشیے پر کھڑی خواتین کے ساتھ کھلا دھوکہ

بی جے پی جس 33 فیصد کا ڈھنڈورا پیٹتی ہے، اس میں ایک بڑا سچ جان بوجھ کر چھپایا جا رہا ہے۔ اس بل میں او بی سی، دلت، آدیواسی اور اقلیتی خواتین کے لیے کسی ذیلی ریزرویشن کا ایک لفظ بھی نہیں ہے۔ ہندوستان کی سماجی ساخت کو دیکھیں تو سب سے زیادہ مشکل حالات میں زندگی گزارنے والی خواتین او بی سی، دلت اور آدیواسی طبقات سے آتی ہیں۔ کھیتوں میں کام کرنے والی، مزدوری کرنے والی، منریگا میں دہاڑی کمانے والی خواتین کو اس بل سے کیا فائدہ ہوگا؟ اگر ان کے لیے کوئی خاص اہتمام نہیں ہوگا تو یہ 33 فیصد ریزرویشن صرف ان خواتین کے کام آئے گا جو پہلے سے سیاسی خاندانوں سے تعلق رکھتی ہیں اور جن کے پاس تمام وسائل موجود ہیں۔

سادہ لفظوں میں کہا جائے تو یہ بل بڑے لیڈروں کی بیویوں، بیٹیوں اور بہنوں کے لیے ایک کلب بنانے کا کام کرے گا۔ محروم، پسماندہ اور زمینی جدوجہد سے ابھرنے والی خواتین رہنماؤں کے لیے اس میں کوئی جگہ نہیں ہوگی۔ کانگریس سمیت پورا اپوزیشن شروع سے یہ مطالبہ کر رہا ہے کہ او بی سی ذیلی کوٹے کے بغیر یہ بل سماجی انصاف کا نہیں بلکہ سماجی امتیاز کا ایک نیا ہتھیار ہے۔ یہ بل اس وقت لایا گیا جب مغربی بنگال میں ممتا بنرجی کی قیادت میں لکشمی بھنڈار جیسی اسکیموں نے خواتین کے درمیان ترنمول کانگریس کی جڑیں مضبوط کر دی تھیں۔ بی جے پی نے ناری شکتی وندن کا نعرہ دیا تاکہ بنگال کی خواتین کو یہ پیغام دیا جا سکے کہ حقیقی اور مستقل حصہ داری بی جے پی دے رہی ہے۔ اس طرح ناری شکتی کا کارڈ کھیل کر دو کام ایک ساتھ کیے جا سکتے ہیں: پہلا، خواتین کے ووٹ حاصل کرنے کی کوشش؛ دوسرا، حد بندی کے ذریعے جنوب کی سیاسی طاقت کو کم کرنا۔ یہ خواتین کی مدد نہیں بلکہ خواتین کے نام پر انتخابی جغرافیہ بدلنے کی کوشش ہے۔

آج منی پور ایک بار پھر جل رہا ہے۔ مدھیہ پردیش سمیت کئی ریاستوں میں خواتین اپنے حقوق کے لیے جدوجہد کر رہی ہیں۔ آئے دن خواتین کے خلاف جرائم کے معاملات بڑھتے جا رہے ہیں۔ مودی حکومت منی پور میں خواتین کو برہنہ گھمانے کے واقعے پر خاموش رہی۔ اتر پردیش کے ہاتھرس میں ریپ کے بعد قتل کی گئی ایک لڑکی کی لاش کو اہل خانہ کی عدم موجودگی میں رات کے وقت مٹی کا تیل ڈال کر جلا دیا گیا، تب بھی یہ حکومت خاموش تماشائی بنی رہی۔ اناؤ میں بی جے پی کے ایم ایل اے کلدیپ سینگر پر عصمت دری کا الزام لگا اور اس لڑکی کے اہل خانہ کو قتل کر دیا گیا۔ دہلی میں جب پہلوان بیٹیاں جنسی ہراسانی کے خلاف لڑ رہی تھیں تو انہیں انصاف دینے کے بجائے پولیس نے سڑکوں پر گھسیٹا۔ تب بھی مودی حکومت کو خواتین کے حقوق یاد نہیں آئے۔ بلقیس بانو کے ساتھ زیادتی کے مجرموں کو بی جے پی حکومت نے جیل سے رہا کیا اور پارٹی کے رہنماؤں نے پھولوں کے ہار پہنا کر ان کا استقبال کیا۔ انکیتا بھنڈاری قتل کیس میں بی جے پی کے ایک رہنما اور ان کے بیٹے کا نام آیا اور پورا اتراکھنڈ سڑکوں پر آ گیا، تب بھی مودی حکومت کی آنکھ نہیں کھلی۔ آج اچانک مودی حکومت کو خواتین کے حقوق یاد آنے لگے ہیں، آخر کیوں؟ یہ خواتین کو بااختیار بنانے کی کوشش نہیں ہے بلکہ ایک مخصوص نظریے کو، شمالی ہندوستان کی عددی برتری کو قائم کرنے کی کوشش ہے۔ اور اس کے لیے خواتین کے حقوق کو ڈھال کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہ خواتین کی مدد نہیں بلکہ خواتین کے نام پر عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش ہے۔

(شوچی وشواس انڈین نیشنل کانگریس کی ترجمان ہیں۔)

مضمون ومراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

مالک، پبلشر، پرنٹر وایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55 بی۔ وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

# لداخ کے لوگوں نے ملک کے دفاع میں سب سے پہلے گولیاں کھائیں

## بھگوان بدھ کی تعلیمات تنازعات کے دور میں امن کی کلید ہیں، امت شاہ، بدھ کے تبرکات کی نمائش کا افتتاح



سرینگر: (ایجنسی) یونین ٹیریٹری لداخ کے لوگوں کی حب الوطنی کو سراہتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ جب بھی ملک کو بیرونی خطرات کا سامنا ہوا، لداخ کے لوگ سب سے پہلے دفاع کے لیے آگے آئے۔ انہوں نے کہا: ”میں لیہہ اور کرگل کے لوگوں کی حمایت کا شکرگزار ہوں۔ جب بھی اس خطے کو بیرونی خطرات لاحق ہوئے، یہ سب سے پہلے ملک کے دفاع کے لیے کھڑے ہوئے، فوج بعد میں پہنچی۔“ امیت شاہ 30 اپریل سے دوروزہ دورے پر لداخ میں موجود ہیں۔ وزیر داخلہ گزشتہ روز لیہہ پہنچے جہاں انہوں نے بدھ پورنیما کے موقع پر جیوتسال میں بھگوان گوتم بدھ کے آثار کی نمائش کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کرگل میں 10 ٹی ایل پی ڈی صلاحیت کے دودھ پروسیسنگ پلانٹ کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔

مرکزی وزیر داخلہ نے لداخی عوام کی ستائش کرتے ہوئے کہا: ”لداخ کے لوگوں نے ملک کے دفاع کے لیے سب سے پہلے اپنے سینے پر گولیاں کھائیں۔ کشمیر سے کنیا کماری اور دوارکا سے کاماکھیا تک بھارت اسکاؤٹس کی تاریخ سب جانتے ہیں۔ ہر ہندوستانی لداخ کے لوگوں کی حب الوطنی، ملک کی سلامتی کے لیے ان کی وابستگی اور ہندوستان کے ساتھ ان کے مضبوط رشتے کی قدر کرتا ہے۔“ شاہ کے اس بیان پر مجمع نے تالیاں بجائیں۔ امیت شاہ کا یہ بیان ایک ایسے وقت میں آیا ہے جب لیہہ اور کرگل کی تنظیمیں لداخ کے لیے ریاستی درجہ اور چھٹے شیڈول کے مطالبات کے لیے مذاکرات کی بحالی کا مطالبہ کر رہی ہیں۔ کرگل ڈیموکریٹک الائنس اور لیہہ ایپکس باڈی نے وزیر داخلہ سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی تھی تاہم ان کا دورہ گوتم بدھ کے آثار کی نمائش تک ہی محدود رہا۔

دن کے آغاز میں انہوں نے جیوتسال میں آثار کی پہلی نمائش کے دوران خطاب کیا، جیوتسال دلائی لامہ کے لیے ایک روحانی درسگاہ ہے۔ 2018 میں وزیر اعظم نریندر مودی بھی یہاں آئے تھے۔ تاہم اس مقام کو ایک اور وجہ سے بھی یاد رکھا جائے گا کیونکہ یہاں پہلی بار بھگوان بدھ کے آثار کو عام نمائش کے لیے پیش کیا جا رہا ہے، جو 130 سال قبل قدیم کپل وستو سے دریافت ہوئے تھے۔ وزیر داخلہ نے بدھ پورنیما کے موقع پر بدھ کے آثار کی اس نمائش کو 75 برس بعد ایک تاریخی اور روحانی واقعہ قرار دیتے ہوئے کہا: ”جب یہ آثار 75 سال پہلے یہاں لائے گئے تھے تو بہت کم لوگ ان کی زیارت کر سکے تھے یا ان کی روحانی توانائی کو محسوس کر سکے تھے۔

انہوں نے کہا کہ اب 75 سال بعد ان آثار کی واپسی سے لداخ کے بدھ مت کے پیروکاروں کے ساتھ ساتھ دیگر مذاہب کے لوگ بھی روحانی فیض حاصل کریں گے اور ایک روحانی کیفیت کا تجربہ کریں گے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ ماضی میں محدود رسائی اور کمزور رابطوں کے برعکس، گزشتہ دہائیوں میں بنیادی ڈھانچے کی تیز رفتار ترقی نے اس خطے تک وسیع رسائی کو ممکن اور آسان بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ موقع ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہزاروں برسوں سے بھارت کی تہذیب امن اور بقائے باہمی کا پیغام دیتی آئی ہے۔ انہوں نے کہا: ”دلائی لامہ جب یہاں آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ یہ زمین صرف جغرافیائی خطہ نہیں بلکہ بدھ ثقافت اور ہمدردی کی زندہ تجربہ گاہ ہے، جہاں علم کو محفوظ رکھا گیا ہے۔“ انہوں نے مزید کہا: ”لداخ اور کرگل جیسے متنوع خطے میں یہ پیغام اور بھی اہم ہو جاتا ہے۔ یہ ہمیں آج بھی بتاتا ہے کہ تنازعات اور بے چینی کے درمیان امن اور ہمدردی کا راستہ ہی واحد حل ہے۔ قدیم اسٹوپا، چٹانوں پر تراشے گئے بدھ مجسمے اور خروشتی اور براہمی رسم الخط میں کتبے اس بات کا ثبوت ہیں کہ اس دور میں اس خطے میں بدھ مت پروان چڑھا۔ انہوں نے مزید کہا: ”کشمیر، لیہہ، یارقند، ختن اور تبت کو ملانے والی سلک روٹ نے نہ صرف تجارت بلکہ خیالات، مخطوطات اور فنون کے تبادلے میں بھی اہم کردار ادا کیا، جس میں راہب، علماء اور ہنرمند شامل تھے۔“

### شاہ کے دورہ لداخ پر کانگریس کا نشانہ، تاریخی بدھ باقیات کا کیا ذکر

نئی دہلی، (یو این آئی) کانگریس کے محکمہ مواصلات کے انچارج جے رام رمیش نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے دورہ لداخ پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ مسٹر شاہ جمعہ کو پر ہوا کی بدھ باقیات کی عظمت بیان کرنے“ میں مصروف ہیں، جب کہ لداخ کے عوام کے ریاستی درجے، چھٹے شیڈول کے درجے اور زمین و روزگار کے تحفظ جیسے اہم مطالبات پر خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں مسٹر رمیش نے کہا کہ لداخ میں اس طرح کے مذہبی اور تاریخی مظاہروں کی ایک طویل تاریخ رہی ہے، جس سے وزیر داخلہ شاید ناواقف ہیں۔ انہوں نے 14 جنوری 1949 کے ایک تاریخی واقعے کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ اس دن بھگوان بدھ کے دو اہم شاگردوں سارپتر اور مہا موگلان کی مقدس باقیات، جنہیں 1851 میں وکٹوریہ اور البرٹ میوزیم لے جایا گیا تھا، انہیں واپس ہندوستان لایا گیا تھا۔

# مودی حکومت کی پالیسیاں مزدور مخالف

## نئے لیبر کوڈ پر نظرثانی اور یومیہ اجرت 400 روپے کی جائے: ملکارجن کھڑگے



نئی دہلی۔ (ایجنسی) کانگریس نے عالمی یومِ مزدور کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت کو مزدور مخالف قرار دیتے ہوئے نئے لیبر کوڈ پر نظرثانی، منریگا کی بحالی اور قومی سطح پر کم از کم یومیہ اجرت 400 روپے مقرر کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ پالیسیوں نے نہ صرف مزدوروں کے حقوق کو کمزور کیا ہے بلکہ ملک میں بے روزگاری اور معاشی عدم استحکام کو بھی بڑھا دیا ہے۔ ملکارجن کھڑگے نے سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں کہا کہ حکومت کی 'ہم دو، ہمارے دو' پالیسی نے کارپوریٹ مفادات کو ترجیح دی ہے، جس کے نتیجے میں مزدور مخالف لیبر قوانین نافذ کیے گئے۔ ان کے مطابق ان قوانین نے ملازمت کے تحفظ کو کمزور کر دیا ہے اور کنٹریکٹ پر مبنی نظام کو فروغ دیا ہے، جہاں ملازمین کو کسی بھی وقت نوکری سے نکالا جا سکتا ہے۔

انہوں نے دعویٰ کیا کہ ملک کے مختلف صنعتی علاقوں میں بے چینی کا ماحول ہے، خواہ وہ نوئیڈا ہو، پانی پت کا آئی او سی ایل پلانٹ، رائے کھیڑا میں اڈانی کی فیکٹری، پتراتو کی این ٹی پی سی یونٹ یا سری پیرمبدور میں سام سنگ کی فیکٹری، ہر جگہ مزدور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ ان کے مطابق نئے لیبر کوڈ نے مزدوروں کے بنیادی حقوق کو کمزور کیا ہے، اس لیے اس کی فوری نظرثانی ضروری ہے۔

کانگریس صدر نے منریگا کے حوالے سے بھی حکومت کو نشانہ بنایا اور کہا کہ اسے مؤثر طور پر ختم کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت نے مزدوری کے اخراجات کا 40 فیصد بوجھ ریاستوں پر ڈال دیا ہے، جس کی وجہ سے کئی ریاستیں اسکیم کو جاری رکھنے میں مشکلات کا سامنا کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں 69 فیصد مزدور ایسے ہیں جو کم از کم اجرت سے بھی کم پر کام کرنے پر مجبور ہیں۔

ساتھ ہی انہوں نے اس بات پر بھی تشویش ظاہر کی کہ گزشتہ ایک دہائی میں مہنگائی کے مقابلے میں مزدوری میں اضافہ نہ ہونے کے برابر رہا ہے، جس سے عام آدمی کی معاشی حالت مزید کمزور ہوئی ہے۔ کھڑگے نے مزید کہا کہ تعلیم یافتہ نوجوانوں میں بے روزگاری کی شرح خطرناک حد تک بڑھ گئی ہے اور حکومت نے تقریباً 30 لاکھ سرکاری خالی آسامیوں کو پُر نہیں کیا۔ ان کے مطابق عوامی شعبے کے اداروں کی نجکاری سے روزگار کے مواقع ختم ہو گئے ہیں اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار بھی متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ منریگا کو نہ صرف بحال کیا جائے بلکہ شہری علاقوں تک اس کا دائرہ وسیع کیا جائے۔ اس کے علاوہ قومی کم از کم اجرت 400 روپے یومیہ مقرر کی جائے، صحت کو بنیادی حق بنایا جائے اور مزدوروں کو 25 لاکھ روپے تک کی صحت سہولت فراہم کی جائے۔ ساتھ ہی غیر منظم شعبے کے مزدوروں کے لیے زندگی اور حادثاتی بیمہ کو بھی یقینی بنایا جائے۔ کانگریس نے زور دیا کہ حکومت کو چاہیے کہ ٹھیکہ داری نظام کو محدود کرے اور ایسی پالیسی اپنائے جو مزدوروں کو تحفظ، روزگار کے مواقع اور باعزت زندگی فراہم کرے۔

# صدر جمہوریہ مرمو نے فوج کی تربیتی کمان کا دورہ کیا، تربیت سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا

نئی دہلی (یو این آئی) صدر جمہوریہ اور تینوں افواج کی سپریم کمانڈر دروپدی مرمو نے جمعہ کو یہاں آرمی ٹریننگ کمان (اے آر ٹی آر اے سی)، شملہ کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا اور قوم کو محفوظ اور بااختیار بنانے کے مقصد سے تربیت سے متعلق موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ اے آر ٹی آر اے سی پہنچنے پر ہماچل پردیش کے گورنر کویندر گپتا اور اے آر ٹی آر اے سی کے جنرل آفیسر کمانڈنگ ان چیف لیفٹیننٹ جنرل دیویندر شرما نے ان کا استقبال کیا۔ صدر کو جی او سی ان سی کی طرف سے اے آر ٹی آر اے سی کی ترقی، فوجی اہلکاروں کو معیاری تربیت فراہم کر کے آپریشنل کارکردگی بڑھانے میں اس کے کلیدی کردار اور اے آر ٹی آر اے سی کے اہم اقدامات کے بارے میں معلومات دی گئی۔ اے آر ٹی آر اے سی کے جدید اقدامات کی تفصیل بتاتے ہوئے جی او سی ان سی نے ڈرون ٹریننگ کے فروغ، مخصوص ٹیکنالوجی کو اپنانے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات، ریڈ ٹیمنگ کے تصور کے آغاز اور فوج میں ڈیجیٹلائزیشن اور آٹومیشن کی سمت میں کی گئی کوششوں کا ذکر کیا۔ اے آر ٹی آر اے سی جنگ کے تصورات، فوج کے لیے وسائل کی ترقی اور دوست ممالک اور اتحادی افواج کے ساتھ وسیع اشتراک میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ فوجی وقار، خود انحصاری اور ترقی یافتہ ہندوستان کی سمت میں ایک اہم کڑی ہے۔ اے آر ٹی آر اے سی اپنے 32 اہم تربیتی اداروں کے ذریعے ہندوستانی فوج میں پیشہ ورانہ نقطہ نظر کو مستحکم کرتا ہے، جس سے اسے جنگ کے فن اور سائنس کے تئیں ایک منفرد وژن ملتا ہے۔ صدر جمہوریہ نے ہماچل پردیش کے گورنر کویندر گپتا کی موجودگی میں لیفٹیننٹ جنرل دیویندر شرما کے ساتھ فوج میں تربیت سے متعلق موضوعات پر بھی تبادلہ خیال کیا، تاکہ قوم کو محفوظ اور بااختیار بنایا جا سکے۔ صدر نے اے آر ٹی آر اے سی کو فوج کی آپریشنل تیاریوں کو مزید مضبوط کرنے کے لیے مسلسل جوش اور لگن کے ساتھ کام کرتے رہنے کی ترغیب دی۔

# ڈیزل اور اے ٹی ایف پر لگنے والے ٹیکس میں تخفیف کا اعلان

## پٹرول کی برآمدگی کو ڈیوٹی فری رکھنے کا فیصلہ

نئی دہلی۔ (ایجنسی) مرکزی حکومت نے یکم مئی 2026 سے ڈیزل کی برآمدگی پر لگنے والے غیر متوقع منافع (ونڈ فال) ٹیکس کو کم کر کے 23 روپے فی لیٹر کر دیا ہے۔ اسی طرح طیاروں میں استعمال ہونے والے ایندھن (اے ٹی ایف) پر یہ ٹیکس اب 33 روپے فی لیٹر مقرر کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی جمعرات کی دیر شب جاری وزارت خزانہ کے بیان میں بتایا گیا کہ پٹرول کی برآمد پر ٹیکس اب بھی صفر ہی رہے گا۔ وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ ملک کے اندر استعمال ہونے والے پٹرول اور ڈیزل پر عائد ایکسائز ڈیوٹی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ ڈیزل کی برآمد پر لگایا گیا خصوصی اضافی ٹیکس پہلے 55.5 روپے فی لیٹر تھا، جسے اب گھٹا کر 23 روپے کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح اے ٹی ایف پر یہ ٹیکس 42 روپے سے کم کر کے 33 روپے فی لیٹر کر دیا گیا ہے۔ یکم مئی سے شروع ہونے والے اگلے 15 دن کے عرصے کے لیے ڈیزل کی برآمدگی پر سڑک اور ترقی کے لیے لگایا جانے والا ٹیکس (سیس) صفر رکھا گیا ہے۔ حکومت نے 26 مارچ کو ڈیزل پر 21.50 روپے اور اے ٹی ایف پر 29.5 روپے فی لیٹر برآمدی ٹیکس عائد کیا تھا۔ اس کے بعد 11 اپریل کے جائزے میں ان ٹیکسز کو بڑھا کر بالترتیب 55.5 روپے اور 42 روپے کر دیا گیا تھا۔ قابل ذکر ہے کہ امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان جاری جنگ کے دوران ملک میں ایندھن کی سپلائی برقرار رکھنے کے لیے حکومت نے یہ ٹیکس عائد کیا تھا۔ اس کا مقصد یہ بھی تھا کہ ایندھن برآمد کرنے والی کمپنیاں عالمی قیمتوں کے فرق کا ناجائز فائدہ نہ اٹھا سکیں۔ جنگ شروع ہونے کے بعد دنیا بھر میں خام تیل کی قیمتیں تیزی سے بڑھ گئی تھیں۔ 28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل نے ایران پر فوجی حملہ کیا، جس کے بعد ایران نے بھی جوابی کارروائی کی۔

پون کھیڑا کو سپریم کورٹ سے پیشگی ضمانت

# ’آج آئین کی فتح ہوئی‘، کانگریس کا اظہارِ خوشی

## مودی حکومت ہر دن آئین پر حملہ کرتی ہے، کثیر تعداد میں پولیس بھیجنے کی وجہ صرف ڈرانا اور استحصال کرنا تھا



نئی دہلی۔ (ایجنسی) ’’آج آئین کی فتح ہوئی ہے۔ مودی حکومت ہر دن آئین پر حملہ کرتی ہے، لیکن آج آئینی قدر اور التزامات جیت گئے ہیں۔ ہم سپریم کورٹ کے فیصلہ کا استقبال کرتے ہیں۔‘‘ یہ بیان آج کانگریس جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے ہیمنت بسوا سرما اور ان کی بیوی پر سنگین الزامات عائد کرنے والے پارٹی لیڈر پون کھیڑا کو سپریم کورٹ سے پیشگی ضمانت ملنے کے بعد دیا ہے۔ جے رام رمیش کے ساتھ پریس کانفرنس میں کانگریس کے شعبۂ قانون، حقوق انسانی و آر ٹی آئی چیئرمین ابھشیک منو سنگھوی بھی موجود تھے۔ انھوں نے تفصیل سے اس بارے میں اپنی بات میڈیا کے سامنے رکھی۔ ابھشیک منو سنگھوی نے کہا کہ ’’آج ہم یہاں اپنی تعریف کرنے نہیں آئے ہیں۔ ہم یہاں کچھ بنیادی اصولوں کی بات کرنے آئے ہیں، جن میں سے کچھ اہم باتیں یہ ہیں... جب معاملہ آزادی کا ہو تو نظامِ انصاف لوگوں کی محافظ ہوتی ہے۔ ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ ہم قانون کے نیچے ہیں۔ جب ہم مذہب کی حفاظت کرتے ہیں تو مذہب ہماری حفاظت کرتا ہے۔‘‘ وہ مزید کہتے ہیں کہ ’’اس کہانی کامروپ مجسٹریٹ سے شروع ہوئی اور پھر تلنگانہ ہائی کورٹ ہوتے ہوئے سپریم کورٹ آئی۔ پھر معاملہ گواہاٹی ہائی کورٹ پہنچا اور آج سپریم کورٹ سے ایک فیصلہ آیا ہے۔‘‘ انھوں نے آگے کہا کہ ’’جب بھی ایسے معاملوں میں ہتک عزتی کا الزام ہوتا ہے تو اس میں سوال اٹھتا ہے کہ کیا گرفتاری کے بغیر پوچھ تاچھ نہیں ہو سکتی ہے؟ لیکن اس معاملہ میں تقریباً 60 پولیس والوں کو ایک شخص کے گھر پر بھیج دیا گیا، جس کا سماج اور سیاسی پارٹی میں بڑا نام ہے۔ کثیر تعداد میں پولیس بھیجنے کی وجہ صرف ڈرانا اور استحصال کرنا تھا۔‘‘

آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما کا ذکر کرتے ہوئے ابھشیک منو سنگھوی نے کہا کہ ’’سپریم کورٹ نے آسام کے وزیر اعلیٰ کا 3 صفحات میں ذکر کیا ہے۔ اس معاملہ میں کئی ایسی باتیں بھی ہیں جس کا ذکر نہ عدالت کر سکتی ہے اور نہ میں بول سکتا ہوں۔ ایسے میں آسام کے وزیر اعلیٰ کو سوچنا چاہیے کہ کیا ایک آئینی عہدہ پر بیٹھے شخص کو یہ زیب دیتا ہے؟‘‘ ہتک عزتی معاملہ میں حملہ آور رخ اختیار کرتے ہوئے کانگریس لیڈر نے کہا کہ ’’میں چاہتا ہوں کہ آسام کے وزیر اعلیٰ اس بارے میں سنجیدگی سے غور کریں اور معافی مانگیں۔‘‘

ابھشیک منو سنگھوی نے میڈیا اہلکاروں کے سامنے گزشتہ ماہ پون کھیڑا کے ذریعہ کی گئی پریس کانفرنس کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ’’5 اپریل کی پریس کانفرنس کے 2 دن بعد آسام حکومت کی مشینری نے پوری طاقت کے ساتھ ایک این بی ڈبلیو عرضی ڈالی، جسے خارج کر دیا گیا تھا۔ جس فیصلہ کے خلاف ہم سپریم کورٹ گئے تھے، اس پر سپریم کورٹ نے جو فیصلہ دیا ہے، اس میں ایسے التزامات کا ذکر ہے جو شکایت دہندہ، عرضی دہندہ اور جانچ ایجنسی نے نہیں کہی ہے۔ سپریم کورٹ نے یہ بھی کہا ہے کہ ہم بھول جاتے ہیں عبوری ضمانت کے معاملے میں جب تک قصور ثابت نہ ہو جائے، تب تک کسی کو قصوروار نہیں مانا جا سکتا ہے۔‘‘ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ’’اس معاملہ میں کئی طرح کے پہلوؤں کو ڈال دیا گیا تا کہ یہ ہتک عزتی سے ایک الگ کیس بن جائے۔ اس میں 9 التزامات کا استعمال کیا گیا تھا، جسے ہم نے ثابت کیا ہے کہ یہ سبھی التزامات ضمانتی ہیں۔

# ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافہ، منظم لوٹ: سدارمیا

بنگلورو، (یو این آئی) کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدارمیا اور نائب وزیر اعلیٰ ڈی کے شیوکمار نے کمرشل ایل پی جی سلنڈر کی قیمتوں میں ہونے والے اضافے پر مرکزی حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے اسے منظم لوٹ قرار دیتے ہوئے بڑھی ہوئی قیمتوں کو فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ مسٹر سدارمیا نے جمعہ کے روز وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی مرکزی حکومت پر عوام کو لوٹنے کا الزام لگایا، جبکہ مسٹر شیوکمار نے انتخابات کے فوراً بعد قیمتوں میں اضافے کو ووٹروں کے ساتھ دھوکہ دہی قرار دیا۔ قابل ذکر ہے کہ سرکاری تیل کمپنیوں نے جمعہ کو کمرشل گیس سلنڈر کی قیمت میں 993 روپے کا بڑا اضافہ کیا ہے۔ کانگریس رہنماؤں کا دعویٰ ہے کہ اس اقدام کو جان بوجھ کر اسمبلی انتخابات کے ختم ہونے تک روکا گیا تھا۔ مسٹر سدارمیا نے سوشل میڈیا ایکس پر لکھا جیسا کہ ہم نے شروع سے ہی خبردار کیا تھا، جیسے ہی اسمبلی انتخابات ختم ہوئے، نریندر مودی حکومت نے قیمتیں پھر بڑھا دیں۔

کمرشل ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں 993 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے، جس سے اب اس کی قیمت بڑھ کر 3,071.50 روپے ہو گئی ہے۔ انہوں نے مزید الزام لگایا کہ گزشتہ چار ماہ میں قیمتیں چھ بار بڑھائی گئی ہیں، جس سے صارفین پر 1,518 روپے کا اضافی بوجھ پڑا ہے۔

# جبل پور کشتی حادثہ میں 9 ہلاکتوں کی تصدیق

## ماں کے سینے سے لپٹے 4 سال کے معصوم کو دیکھ آنکھیں بھر آئیں

جبل پور (ایجنسی) مدھیہ پردیش کے جبل پور واقع برگی ڈیم میں پیش آیا کشتی حادثہ انتہائی دل دہلا دینے والا ثابت ہوا ہے۔ نرمدا ندی کے بیک واٹر میں تیز ہواؤں اور اونچی لہروں کے درمیان سیاحوں سے بھرا کروز اچانک ڈوب گیا۔ اس حادثہ میں اب تک 9 افراد کی لاشیں مل چکی ہیں، جبکہ 23 لوگوں کو بحفاظت بچا لیا گیا ہے۔ کچھ لوگ اب بھی لاپتہ ہیں، جن کی تلاش جاری ہے۔ حالانکہ ان کے بچنے کی امید اب نہ کے برابر بتائی جا رہی ہے۔ ہندی نیوز پورٹل ’آج تک‘ پر شائع رپورٹ کے مطابق دہلی کے رہنے والے پردیپ کمار اس حادثے میں کسی طرح بچ گئے، لیکن ان کی بیوی اور 4 سالہ بیٹا اب بھی لاپتہ ہیں۔ پردیپ نے حادثے کی ہولناک داستان سناتے ہوئے کروز انتظامیہ پر سنگین الزامات عائد کیے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کروز پر سیکورٹی انتظامات نہ کے برابر تھے۔ عملہ کے صرف 2 افراد موجود تھے، لیکن جب حالات بگڑے تو انہوں نے مسافروں کو ان کے حال پر چھوڑ دیا۔ پردیپ کے مطابق کسی کو وقت پر لائف جیکٹ تک نہیں دی گئی۔ سیاحوں نے خود ہی ایک دوسرے کو لائف جیکٹ پہنائی۔ انہوں نے بتایا کہ جب تیز لہریں اٹھنے لگیں تو کنارے پر موجود لوگوں نے بھی ڈرائیور سے کہا تھا کہ کروز کو کنارے لگا دے، لیکن ڈرائیور ابتدائی پوائنٹ پر واپس جانے پر اڑا رہا اور کچھ ہی دیر میں کروز پانی میں ڈوب گیا۔ حادثے کے بعد برگی ڈیم کے اطراف چیخ و پکار مچ گئی۔ موقع پر موجود مقامی لوگوں اور بچاؤ ٹیم نے فوراً راحت و بچاؤ کا کام شروع کیا۔ اب تک 9 لاشیں برآمد کی جا چکی ہیں۔ تازہ معلومات کے مطابق غوطہ خوروں نے حادثہ کے تقریباً 12 گھنٹے بعد ایک خاتون کی لاش برآمد کی ہے۔ لاشوں کے ملنے کے ساتھ ہی اہل خانہ کی امیدیں ٹوٹتی جا رہی ہیں، جبکہ کئی خاندان اب بھی اپنے پیاروں کی واپسی کے منتظر ہیں۔ حادثہ کے بعد مدھیہ پردیش حکومت نے فوری طور پر راحت اور بچاؤ کا کام شروع کرایا۔ کابینہ وزیر راکیش سنگھ اور وزیر دھرمیندر لودھی پوری رات جائے حادثہ پر موجود رہے اور ریسکیو آپریشن کی مسلسل نگرانی کرتے رہے۔ ماحول اس وقت جذباتی ہو گیا جب ایک ماں کی لاش نکالی گئی جس کے سینے سے 4 سال کا معصوم لپٹا ہوا تھا۔

# اتر پردیش میں ٹرین سے باہر پھینکے جانے سے بہار کے عالم دین کی موت پر کارروائی کا کیا مطالبہ

### توصیف رضا، محمد اختر رضا خان ازہری کے عرس میں شرکت کے لیے بریلی گئے، جہاں پہلے انھوں نے تعلیم حاصل کی تھی

پٹنہ: بہار کے کشن گنج سے تعلق رکھنے والے 30 سالہ امام (مولوی) کو، جو اپنی آبائی ریاست واپس جا رہے تھے، مبینہ طور پر اتر پردیش کے بریلی ریلوے اسٹیشن کے قریب چلتی ٹرین میں مارا پیٹا گیا اور انہیں ٹرین سے باہر پھینک دیا گیا۔ ان کی لاش اتوار کی رات (26 اپریل) کو ریلوے پٹریوں کے قریب سے ملی تھی۔ اگرچہ ریلوے حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ 30 سالہ مولانا توصیف رضا کی موت ایک حادثہ ہے، تاہم ان کے اہل خانہ کا کہنا ہے کہ ان پر ٹرین میں حملہ کیا گیا جو اقلیتی برادری کو نشانہ بنانا نفرت انگیز جرم لگتا ہے۔

توصیف ایک سورجاپوری مسلمان تھے، جو بہار کے سیمانچل (شمال مشرقی) علاقے میں رہنے والی ایک کمیونٹی برادری سے تعلق رکھتے تھے اور اپنے نرم مزاج اور اچھے برتاؤ کے لیے مشہور تھے۔ ان کا تعلق کشن گنج کے ٹھاکر گنج بلاک میں بھوگداور پنچایت کے تحت باکھوتولی گاؤں سے تھا۔ مرحوم نے حال ہی میں ضلع سیوان کے ایک مدرسے میں پڑھانا شروع کیا تھا، لیکن 24 اور 25 اپریل کو محمد اختر رضا خاں ازہری المعروف تاج الشریعت کے عرس (سالانہ یوم وفات) میں شرکت کے لیے بریلی گیا تھے، جہاں پہلے انہوں نے تعلیم حاصل کی تھی۔

توصیف کی غمزدہ بیوی کا رو رو کر برا حال

توصیف کی غمزدہ بیوی تبسم نے ای ٹی وی بھارت کو بتایا ”میں ان کی کال کا انتظار کر رہی تھی جب وہ اتوار کی رات سیوان کے لیے ٹرین میں سوار ہونے والے تھے۔ رات 9 بجے کے تھوڑی دیر بعد کال آئی لیکن وہ گھبراہٹ کی حالت میں تھے۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ کچھ لوگوں نے ان سے بیہودہ باتیں کی ہیں اور انہیں مار رہے ہیں۔ انہوں نے مجھ سے مدد کے لیے شاہجہان پور (اتر پردیش میں) میں پولیس کو فون کرنے کو کہا، توصیف کی غمزدہ بیوی تبسم خاتون نے ای ٹی وی بھارت کو غمزدہ لہجے میں بتایا۔

تبسم، جس کی توصیف سے 2024 میں شادی ہوئی تھی اور وہ سرکاری اسکول ٹیچر بننے کی تیاری کر رہی تھی، وہ گھبرا کر اپنے شوہر کو ویڈیو کال کرنے لگی۔ اس نے دیکھا کہ کوئی شوہر کو گریبان سے پکڑ رہا ہے۔ یہ آخری بار تھا جب اس نے اپنے شوہر کو زندہ دیکھا۔ وہ رات بھر اور اگلی صبح توصیف کے موبائل فون پر کال کرتی رہی لیکن کوئی جواب نہیں آیا۔ پیر کی صبح تقریباً 9 بجے بریلی کینٹ تھانے کے ایک پولیس اہلکار کو کال موصول ہوئی۔ اس نے اسے بتایا کہ توصیف ٹرین سے گر کر زخمی ہوا ہے۔ جب اس نے اپنے شوہر سے بات کرنے پر اصرار کیا تو اس نے اسے ان کی موت کی اطلاع دی۔ ریکارڈ شدہ کال کا ایک مختصر کلپ جو ای ٹی وی بھارت کے پاس ہے اس کی تصدیق کرتا ہے جو تبسم نے شیئر کیا ہے۔ توصیف نے اسے بچانے کے لیے شاہجہاں پور پولیس سے مدد مانگتے ہوئے سنا۔



خاندان پر آسمان ٹوٹ پڑا

مولانا توصیف کی موت سے خاندان پر اس وقت آسمان ٹوٹ پڑا جب تبسم نے توصیف کے والد محمد ابوالحسین، جو کہ ایک کسان ہیں اور دہلی اور پنجاب میں کام کرنے والے چار بھائیوں کو خبر دی۔ ان میں سے دو، جن میں سب سے چھوٹا، توحید عالم، جو دہلی کے پہاڑ گنج کے ایک گیسٹ ہاؤس میں کام کرتا ہے، بریلی پہنچ گئے۔

پولیس جھوٹ بول رہی ہے

ذرائع کے مطابق ”ہم پیر کی شام بریلی پہنچے، چاروں طرف سے پوچھ گچھ کی اور پھر بریلی کے سول لائنز کے سرکاری اسپتال سے توصیف کی لاش لانے میں کامیاب ہوئے، تب تک پوسٹ مارٹم ہو چکا تھا، ایسا لگتا تھا کہ اسے بری طرح سے مارا پیٹا گیا ہے۔ لاش کے ساتھ اس کا ذاتی سامان اور موبائل فون برآمد ہوا ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جرم کا تعلق چھیننے سے نہیں تھا اور نہ ہی وہ ٹرین سے گرا تھا۔ ہم پولیس کے اس بیان کو قبول نہیں کرتے کہ وہ ٹرین سے گر کر مر گیا۔“

اتر پردیش میں خوف اور نفرت کا ماحول

توحید نے مزید کہا، ”میرا بھائی ایک شریف اور معصوم آدمی تھا جو تدریس کے لیے وقف تھا۔ ایسا لگتا ہے کہ اس پر اس کی شکل، اس کی داڑھی، لباس اور ٹوپی کی وجہ سے حملہ کیا گیا ہے، کیوں کہ وہ مسلمان تھا۔ اتر پردیش میں خوف اور نفرت کا ماحول ہے اور قتل اس کا نتیجہ ہو سکتا ہے۔ توحید نے اس میں اضافہ کرتے ہوئے کہا کہ ٹرین میں کوئی بھی اسے بچانے کے لیے نہیں آیا، توحید نے مزید کہا۔

مسلمانوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے

توصیف کے بھائی ایک ایمبولینس کرائے پر لے کر اس کی لاش کو واپس بکتولی لے آئے جہاں انہیں خاندانی روایت کے مطابق منگل (28 اپریل) کی سہ پہر سپرد خاک کر دیا گیا۔ توصیف کے بچپن کے دوست اور جنتا دل (یونائیٹڈ) یا جے ڈی یو کے یوتھ ونگ کے ریاستی نائب صدر تحسین رضا نے مطالبہ کیا کہ مسلمانوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ایک قانون لایا جائے خاص طور پر جو مسلمان کرتہ پاجامہ ٹوپی کا روایتی لباس پہنتے ہیں اور داڑھی رکھتے ہیں۔ انہوں نے ریلوے سے اس واقعہ کی تحقیقات کا بھی مطالبہ کیا اور مزید کہا کہ اسے تمام مسافروں کی حفاظت کے انتظامات کرنے چاہئیں، خواہ ان کی ذات، نسل یا جنس سے کچھ بھی ہو۔

